قبضت قبضة میں لے پکڑا - اختیار کیا -

فقبضت قبضة من اثر الرسول [س ۲۰ : ۹۶

قتل

قاتلهم اللّه = لعنهم اللّه

قدر

ایک انداز مقرر کرنا - طرز عمل قرار دینا -
قدر انداز مقررہ - طرز مقررہ - قاعدہ -

انا کل شیء خلقناه بقدر [س ۵۴ : ۴۹

ولو بسط اللہ الرزق لعبادہ لبغوا فی الارض
ولکن ینزل بقدر ما یشاء [س ۴۲ : ۲۷

قر

مستقر (۱) قرار کی جگہ -
الی ربک یومئذ المستقر [س ۷۵ : ۱۲
ولکم فی الارض مستقر ومتاع الی حین
[س ۲ : ۳۶
(۲) وقت مقررہ -
لکل نبا مستقر [س ۶ : ۶۷
والشمس تجری لمستقر لھا - ذالک
تقدیر العزیز العلیم [س ۳۶ : ۳۸

قرأ

(۱) (عبری) اعلان کرنا - لوگوں کو ان کے برے کاموں کے نتیجوں سے متنبہ کرنا -
اقرا باسم ربک الذی خلق . . . [س ۹۶ : ۱
= قم فانذر وربک فکبر (س ۷۴ : ۲ و ۳)
دیکھو کتاب یسعیاہ باب ۵۸ : ۱ وباب ۴۰ : ۲
(۲) پڑھنا -
اقرا کتابک [س ۱۷ : ۱۴
القران = النذیر

قسم

شہادت میں پیش کرنا -

لا اقسم بهذا البلد وانت حل بهذا البلد ووالد وما ولد لقد خلقنا الانسان في كبد
[س ۹۰ : ۱ - ۴

والفجر وليال عشر والشفع والوتر والليل اذا يسر - هل في ذالك قسم لذي حجر
[س ۸۹ : ۱ - ۵

فلا اقسم بمواقع النجوم وانه لقسم لو تعلمون عظيم انه لقران كريم
[س ۵۶ : ۷۵ - ۷۷

قطع

قطع السبيل راهزني - (زمخشري)

ائنكم لتاتون الرجال وتقطعون السبيل
[س ۲۹ : ۲۹

قمر

(۱) چاند -
(۲) اسلام سے پہلے یہ عربوں کا قومی نشان تھا -

اقتربت الساعة وانشق القمر [س ۵۴ : ۱

كبد

(۱) رنج و مصیبت -

لقد خلقنا الانسان في كبد [س ۹۰ : ۴

کتب

(۱) لکهنا ۔

(۲) مقرر کرنا ۔

قل لن يصيبنا الا ما كتب الله لنا

[س ۹ : ۵۱

كتب ربكم على نفسه الرحمة [س ۶ : ۵۴

(۳) حکم دینا ۔

كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من قبلكم [س ۲ : ۱۸۳

ولقد كتبنا في الزبور . . .

[س ۲۱ : ۱۰۵

(۴) نقش کرنا ۔ جما دینا ۔

اولئك كتب في قلوبهم الايمان

[س ۵۸ : ۲۲

کتاب (جمع کتب)

(۱) لکهائی ۔ کتابت ۔

و ما كنت تتلوا من قبله من كتاب

[س ۲۹ : ۴۸

الم ۔ ذالك الكتاب لاريب [س ۲ : ۱ و ۲

الم - تلک ایات الکتاب الحکیم
[س ۳۱ : ۱ و ۲

حم - تنزیل الکتاب من اللہ العزیز العلیم
[س ۴۰ : ۱ و ۲

طس - تلک ایات القران و کتاب مبین
[س ۲۷ : ۱

طسم - تلک ایات الکتاب المبین
[س ۲۸ : ۱ و ۲

(۲) چٹھی - خط -

اذھب بکتابی ھذا فالقہ الیھم
[س ۲۷ : ۲۸

(۳) کتاب -

ام لکم کتاب فیہ تدرسون ان لکم فیہ لما تخیرون
[س ۶۸ : ۳۷ و ۳۸

(۴) مکاتبہ - عہد نامہ - قبولیت -

والذین یبتغون الکتاب مما ملکت ایمانکم فکاتبوھم ان علمتم فیھم خیرا
[س ۲۴ : ۳۳

ولا تعزموا عقدۃ النکاح حتی یبلغ الکتاب اجلہ
[س ۲ : ۲۳۵

(۵) وحی -

قل فاتوا بکتاب من عند اللہ [س ۲۸ : ۴۹

كل امن بالله وملئكته وكتبه ورسله
[س ۲ : ۲۸۵

ولقد اتينا موسى الكتاب فاختلف فيه
[س ۴۱ : ۴۵

(۶) حکم -

لكل اجل كتاب [س ۱۳ : ۳۸

كتاب الله عليكم [س ۴ : ۲۴

رسول من الله يتلوا صحفا مطهرة فيها كتب
قيمة [س ۹۸ : ۲ و ۳

واتل ما اوحى اليك من كتاب ربك
[س ۱۸ : ۲۷

(۷) خدا کا علم -

وما من دابة فى الارض الا على الله رزقها ويعلم
مستقرها و مستودعها - كل في كتاب
مبين [س ۱۱ : ۶

ما فرطنا فى الكتاب من شئى [س ۶ : ۳۸

الم تعلم ان الله يعلم ما في السماء والارض -
ان ذالك فى كتاب [س ۲۲ : ۷۰

انه لقرآن كريم في كتاب مكنون
[س ۵۶ : ۷۷

وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها الا هو - و
يعلم ما في البر والبحر . و ما تسقط

من ورقة الا یعلمها ولا حبة فی ظلمات الارض ولا رطب ولا یابس الا في کتاب مبین
[س ۶ : ۵۹

. . . ما یعزب عن ربک من مثقال ذرة فی الارض ولا في السماء ولا اصغر من ذالک ولا اکبر الا في کتاب مبین
[س ۱۰ : ۶۱ و س ۳۴ : ۳

وما تحمل من انثی ولا تضع الا بعلمه - وما یعمر من معمر ولا ینقص من عمره الا فی کتاب
[س ۳۵ : ۱۱

(۸) اعمالنامه -

اقرا کتابک - کفي بنفسک الیوم علیک حسیبا
[س ۱۷ : ۱۴

(۹) مدت - وقت مقررہ -

و ما اهلکنا من قریة الا ولها کتاب معلوم
[س ۱۵ : ۴

و ماکان لنفس ان تموت الا باذن الله کتابا موجلا
[س ۳ : ۱۴۴

کثر

الکوثر خیر کثیر - کتاب و حکمت - وحي -
و من یوت الحکمة فقد اوتی خیرا کثیرا
(س ۲ : ۲۶۹)

انا اعطینک الکوثر [س ۱۰۸ : ۱

تکاثر کثرت مال واولاد پر فخر کرنا ۔

الھیکم التکاثر حتی زرتم المقابر
[س ۱۰۲ : ۱ و ۲

کذب

کذب (۱) جھوٹ سمجھنا ۔
(۲) بات نہیں ماننا ۔

کذبت ثمود بطغویھا [س ۹۱ : ۱۱

کرس

کرسی (۱) کرسی عدالت ۔

ولقد فتنا سلیمان والقینا علی کرسیه
جسدا ثم اناب [س ۳۸ : ۳۴

(۲) علم ۔ (بخاری)

وسع کرسیه السموت والارض [س ۲ : ۲۵۵

کشف

کشف عن الساق اس موقع پر وہ گھبرا گیا ۔

قیل لها ادخلی الصرح ۔ فلما راته حسبته
لجة وکشفت عن ساقیها [س ۲۷ : ۴۴

یوم یکشف عن ساق ویدعون الی السجود فلا
یستطیعون [س ۶۸ : ۴۲

کفر

(۱) جھوٹ سمجھنا ۔
(۲) نہیں ماننا ۔

فمنھم من آمن ومنھم من کفر [س ۲ : ۲۵۳

(۳) غلط سمجھنا ۔

لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم ۔ و قال المسیح یابنی اسرائیل اعبدوا اللہ ربی وربکم [س ۵ : ۷۲

(۴) خدا کے حکم کے خلاف کرنا ۔

و ماکفر سلیمان ولکن الشیاطین کفروا یعلمون الناس السحر [س ۲ : ۱۰۲

من کفر باللہ من بعد ایمانہ الامن اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان ولکن من شرح بالکفر صدرا فعلیھم غضب من اللہ
[س ۱۶ : ۱۰۶

(۵) دور کرنا ۔

کفرعنھم سیئاتھم واصلح بالھم [س ۴۷ : ۲

(۶) ناشکری کرنا ۔ نا قدری کرنا ۔

انا ھدینٰہ السبیل اماشاکرا و اماکفورا
[س ۷۶ : ۳

فمن یعمل من الصالحات وھو مومن فلا کفران لسعیہ [س ۲۱ : ۹۴

كل

كل   كثرت -

و قال يا ايها الناس علمنا منطق الطير
واوتينا من كل شيء   [س ۲۷ . ۱٦

كلم

(۱) بات -

قل لو كان البحر مداد الكلمات ربي لنفد
البحر قبل ان تنفد كلمات ربي ولو جئنا
بمثله مددا   [س ۱۸ : ۱۰۹

ولقد قالوا كلمة الكفر   [س ۹ : ۷۴

كلمة   (۲) حكم -

فتلقي آدم من ربه كلمات فتاب عليه
[س ۲ : ۳۷

واذابتلي ابراهم ربه بكلمات فاتمهن
[س ۲ : ۱۲۴

ولامبدل لكلمات الله   [س ٦ : ۳۴

لاتبديل لكلمات الله   [س ۱۰ : ٦۴

ان الذين حقت عليهم كلمة ربك لايومنون
[س ۱۰ : ۹٦

ولكن حقت عليهم كلمة العذاب
[س ۳۹ : ۷۱

(۳) پیغام ـ بشارت ـ

وكلمته القيها الى مريم [س ۴ : ۱۷۱

اذ قالت الملائكة يامريم ان الله يبشرك
بكلمة منه اسمه المسيح عيسى ابن مريم
[س ۳ : ۴۵

كمه

الاكمه اندھا ـ کور باطن ـ گمراہ ـ

و ابرىء الاكمه والابرص واحي الموتى باذن
الله [س ۳ : ۴۸

كند

كنود ناشکرا ـ ناقدرا ـ

ان الانسان لربه لكنود [س ۱۰۰ : ۶

لبث

(۱) رهنا ـ
(۲) صاحب شریعت بنا رہنا ـ

ولقد ارسلنا نوحا الي قومه فلبث فيهم
الف سنة الا خمسين عاما [س ۲۹ : ۱۴

لبس

مشتبه کرنا ـ مشتبه بنانا ـ

ولاتلبسوا الحق بالباطل وتكتموا الحق

وانتم تعلمون [س ۲ : ۴۲

ولو جعلناه ملکا لجعلناه رجلا وللبسنا
علیهم ما یلبسون [س ۶ : ۹

لحن

لحن القول بات کرنے کا طرز -

ولتعرفنهم فی لحن القول [س ۴۷ : ۳۰

لقم

منهہ سے پکڑنا -

فالتقمه الحوت [س ۳۷ : ۱۴۲

لقی

القیا یهہ مفرد کا صیغہ الیقین تھا - نون تاکید کو
الف سے بدل لیا جیسا کہ قفن کو قفا کر لیا کرتے ھیں -
(رازی - زمخشری)

القیا فی جہنم کل کفار عنید [س ۵۰ : ۲۴

القی وکلمته القیها الی مریم [س : ۱۷۱

اور اسکی بات جو اس نے مریم سے کہی تھی -
اس کی بشارت جو اس نے مریم کو دی تھی -

لمس

ٹٹولنا -

وانا لمسنا السماء فوجدناها ملئت حرسا
شدیدا وشهبا [س ۷۲ ۸

مات

موت (۱) موت - [س ۳۹ : ۴۲

(۲) غشي -

واذقلتم ياموسى لن نومن لک حتى نري
الله جهرة فاخذتكم الصاعقة وانتم تنظرون
ثم بعثناكم من بعد موتكم
[س ۲ : ۵۵ و ۵۶ و ۷ : ۱۴۳

(۳) سخت رنج اور افسوس -

واذا خلوا عضوا عليكم الانامل من الغيظ -
قل موتوا بغيظكم [س ۳ : ۱۱۸

(۴) زمين کا بنجر هو جانا -

فاحيا به الارض بعد موتها [س ۲ : ۱۶۴

= وتري الارض هامدة فاذا انزلنا عليها الماء
اهتزت وربت وانبتت من كل زوج بهيج
(س ۲۲ : ۵)

الموتى (۱) مردہ -

(۲) جن کي روحاني موت هوچکي هے - گمراہ -

انک لاتسمع الموتى ولاتسمع الصم الدعاء
اذا ولوا مدبرين [س ۲۷ : ۸۰

ورسولا الى بني اسرائيل - انى قد جئتكم
باية من ربكم . . . وابرئ الاكمه والابرص

واحي الموتي باذن الله [س ٣ : ٤٨

ماد

دوره کرنا ـ گهومنا ـ

والقي في الارض رواسي ان تميد بكم
[س ١٦ : ١٥

مائدة (١) نعمت ـ (رازي)
(٢) علم ـ (راغب)

اذ قال الحواريون يا عيسى ابن مريم هل
يستطيع ربك ان ينزل علينا مائدة
من السماء ـ قال اتقوا الله ان كنتم
مومنين [س ٥ : ١١٢

ماجوج

يهه لفظ عجمی زبان کا هے ـ عبری زبان میں
غین کا تلفظ گاف کی اوازسے هوتا هے ـ پس ماغوغ
کو عبري میں ماگوگ کهتے هیں ـ عربی میں
گاف کو جیم سے بدل لیتے هیں اس لئے ماگوگ کو
ماجوج کهتے هیں ـ یافث کے ایک بیٹے کا نام ـ
(دیکهو تورات کتاب پیدایش ب ١٠ آیة ٢) ـ
دیکهو یاجوج ـ

مثل

مثل مثال ـ تمثیل ـ

مثل الجنة التی وعد المتقون - فیہا
انہار من ماء غیر اسن وانہار من لبن لم یتغیر
طعمہ وانہار من عسل مصفی - ولہم فیہا
من کل الثمرات ومغفرۃ من ربہم
[س ۴۷ : ۱۵

(۲) حجت - اعتراض -

ولا یاتونک بمثل الاجئناک بالحق واحسن
تفسیرا
[س ۲۵ : ۳۳

تماثیل تصویریں - مجسمے -

یعملون لہ ما یشاء من محاریب وتماثیل
[س ۳۴ : ۱۳

مرأ

امرأت عمران آل عمران میں سے ایک عورت -

[س ۳ : ۳۴

مرض

مرض قلب کی بیماری - جس سے قلب اپنا کام پوری
طور سے نہیں کرسکتا - قلب کی سیاہی - خباثت
قلب - شبہات -

فی قلوبہم مرض
[س ۲ : ۱۰

= ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون
(س ۸۳ : ۱۴)

مریم

حضرت عیسیٰ کی ماں کا نام -

مسح دیکھو مسیح

مسحاً بالسوق والاعناق گھوڑوں کو چمکارنے کے لئے محبت سے ان کے ٹخنوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنا -

وطفق مسحاً بالسوق والاعناق [س ۳۸ : ۳۳

مصر

(۱) شہر - [س ۲ : ۶۱

(۲) ملک مصر - ″ س ۱۲ : ۲۱

معن

الماعون (۱) چھوٹی چھوٹی روزمرہ کی ضروری چیزیں -

(۲) صدقہ - (رازی) [س ۱۰۷ : ۷

مکر

حکمت کے ساتھ کسی کو کسی کام سے پھیر دینے کی تدبیر کرنا - (راغب)

ومکروا ومکر اللہ واللہ خیر الماکرین

[س ۳ : ۵۴

ملک

ملک (میم و لام بالفتحہ) قوت۔ (جمع ملائکہ)

(۱) فرشتہ۔ جیسا کہ اسلام سے پہلے بھی لوگوں کا خیال تھا۔

وقالوا لولا انزل علیہ ملک [س ۶ : ۸

ولو انزلنا ملکا لقضی الامر [س ۶ : ۸

وجاء ربک والملک صفا صفا [س ۸۹ : ۲۲

قل لو کان في الارض ملئکۃ یمشون مطمئنین لنزلنا علیھم من السماء ملکا رسولا
[س ۱۷ : ۹۵

(۲) فرشتہ صفت آدمی۔ معصوم۔ پاک۔

وقلن حاش للہ ماھذا بشرا۔ ان ھذا الا ملک کریم [س ۱۲ : ۳۱

(۳) افسر۔

قل یتوفیکم ملک الموت الذي وکل بکم
[س ۳۲ : ۱۱

(الاک) ملئکۃ (جمع)

(۱) بمعنی فرشتہ۔

قل لو کان في الارض ملئکۃ . . .
[س ۱۷ : ۹۵

(۲) افسر۔

علیہا ملئکۃ غلاظ شداد [س ۶۶ : ۶

(۳) عالم ملکوت -

فسجد الملئکۃ کلہم اجمعون [س ۱۵ : ۱۰

والملئکۃ یسبحون بحمد ربہم [س ... ۵

(۴) خیر و برکت -

ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیہم الملئکۃ الا تخافوا ولاتحزنوا و ابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون - نحن اولیوٴکم فی الحیوۃ الدنیا وفی الاخرۃ . . .
[س ۴۱ : ۳۰ , ۳۱

(۵) خدا کی قدرت - شان الہی -

یوم یرون الملئکۃ ابشری یومئذ للمجرمین
[س ۲۵ : ۲۲

ملک (میم ضمہ) (۱) سلطنت -

(۲) عہد رسالت یا نبوت - [س ۲ : ۱۰۲

ماملکت ایمانکم جن کے مالک تمہارے داھنے ھاتھ ھوے - جو تمہارے ھاتھ میں ھیں - جو تمہارے تابع ھیں -

(۱) جو تمہارے نکاح میں ھیں - بی بیاں -

حرمت علیکم امہاتکم . . . والمحصنات من النساء الا ماملکت ایمانکم کتاب اللہ علیکم [س ۴ : ۲۴

(۲) غلام ـ لونڈیاں ـ

والذین یبتغون الکتاب مما ملکت ایمانکم
فکاتبوھم ان علمتم فیھم خیرا [س ۲۴ : ۳۳

(۳) اسلام سے پہلے عرب جاھلیت میں جو عورتیں حلال تھیں جن کو آگے چل کر اسلام نے حرام قرار دیا ـ مثلاً بےنکاح لونڈیاں رکھنا ـ

والذین ھم لفروجھم حافظون الا علی ازواجھم
اوماملکت ایمانھم [س ۷۰ : ۲۹ و ۳۰

(۴) مویشی ـ

اولم یروا انا خلقنا لھم مما عملت ایدینا
انعاما فھم لھا مالکون (س ۳۶ : ۷۱)

و بالوالدین احسانا وبذی القربی والیتمی
والمساکین والجار ذی القربی والجار
الجنب والصاحب بالجنب وابن السبیل
وماملکت ایمانکم [س ۴ : ۳۶

من

مناً بطور احسان ـ بلا عوض ـ

اذا اثخنتموھم فشدوا الوثاق فاما منا بعد
واما فداء [س ۴۷ : ۴

بعد ان تاسروھم فاما ان تمنوا علیھم منا
باطلاقھم من غیر عوض واما ان تفادوھم
(معالم التنزیل)

الا من ان یترک الا سیرالکافرمن غیر ان
یو اخذ منه شئی والفداء ان یترک و
یاخذ منه مالا او اسیرا مسلما (ملاحمد)

ن

= نون (۱) دوات -

ن والقلم وما یسطرون ما انت بنعمة ربک
بمجنون [س ۶۸ : ۱ و ۲

(۲) مچھلی -

ذاالنون (س ۲۱ : ۸۷)

= صاحب الحوت (س ۶۸ : ۴۸)

= یونس

نار

نار (۱) آگ -

قلنا یا نار کونی بردا وسلاما [س ۲۱ : ۶۹

(۲) دل کی آگ - دل کا جلنا - روحی صدمات -

نار الله الموقدة التی تطلع علی الافئدة
[س ۱۰۴ : ۶ و ۷

(۳) تکالیف - صدمات - مصائب -

فان له نار جهنم خالدا فیها [س ۹ : ۶۳

(۴) مادہ شیطانی - آتشی طبیعت -

والجان خلقناه من قبل من نار السموم
[س ۱۵ : ۲۷

(۵) لڑائی کی آگ -
کلما اوقدوا نارا للحرب اطفاها اللہ
[س ۵ : ۶۴

فاتقوا النار التی وقودها الناس والحجارۃ
[س ۲ : ۲۴

= فان لم تفعلوا فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ
(س ۲ : ۲۷۹)

(۶) جہنم - دوزخ -
ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار
[س ۴ : ۱۴۵

نتق

زوروں سے ہلانا جیسا کہ زلزلہ سے ہوتا ہے -
واذ نتقنا الجبل فوقهم کانہ ظلۃ وظنوا انہ واقع بہم
[س ۷ : ۱۷۱

= فلما اخذتهم الرجفۃ (س ۷ : ۱۵۵)

نجم

النجم (۱) ستارہ -
وسخر لکم اللیل والنہار والشمس والقمر - والنجوم مسخرات بامرہ
[س ۱۶ : ۱۲

(۲) بوٹی -

والنجم والشجر یسجدان [س ۵۵ : ۶

(۳) وحی (قرآن) کی آیتیں -

والنجم اذا ھوی ماضل صاحبکم وماغوی

[س ۵۳ : ۱ و ۲

فلا اقسم بمواقع النجوم وانہ لقسم لوتعلمون

عظیم انہ لقرآن کریم [س ۵۶ : ۷۵

نحر

نماز میں رجوع قلب کے ساتھ سیدھا کھڑا ھونا -

فصل لربک وانحر [س ۱۰۸ : ۲

نزل

نزل واقع ھوا -

وبالحق نزل [س ۱۷ : ۱۰۵

انزل اس نے بھم پہنچایا - عطا کیا -

وبالحق انزلناہ [س ۱۷ : ۱۰۵

وانزلنا الحدید [س ۵۷ : ۲۵

وانزل لکم من الانعام ثمانیۃ ازواج

[س ۳۹ : ۶

نسخ

بدل دینا - (بخاری) [س ۲ : ۱۰۶

نسي

بے بدلے چھوڑ دینا - (بخاری)

ما ننسخ من اية او ننسهانات بخير منها
اومثلها [س ۲ : ۱۰۶

نطق

منطق الطير — یونانی اورنی ثولوجیا (Ornithology)
پرندوں کے عادات واطوار کا علم -

وورث سليمان داود وقال يا ايها الناس
علمنا منطق الطير [س ۲۷ : ۱۶

نعس

نعاس اطمینان قلب - تسکین -

ثم انزل عليكم من بعد الغم امنة نعاسا
يغشى طائفة منكم و طائفة قد اهمتهم
انفسهم يظنون بالله غير الحق ظن
الجاهلية [س ۳ . ۱۵۳

— فانزل السكينة عليهم (س ۴۸ : ۱۸)

نفا

ينفوا من الارض ملک سے نکال دیئے جائیں -
[س ۵ : ۳۳

نفث

النفاثات جمع (واحد نفاث)
وسوسہ ڈالنے والی چیزیں -

ومن شر النفاثات فی العقد [س ۱۱۳ : ۴

نفس

نفس (۱) جنس -

یاایها الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من
نفس واحدۃ [س ۴ : ۱

(۲) ذات -

قال رب انی لا املک الا نفسی واخی
[س ۵ : ۲۵

وما اصابک من سیئۃ فمن نفسک
[س ۴ : ۷۹

کتب ربکم علی نفسه الرحمة [س ۶ : ۱۲

(۳) جان -

و کتبنا علیهم فیها ان النفس بالنفس
والعین بالعین . . . [س ۵ : ۴۵

(۴) روح -

و نفس وما سویها فالهمها فجورها وتقویها
قد افلح من زکیها وقد خاب من دسیها
[س ۹۱ : ۷ - ۱۰

(۵) ذی روح - متنفس -

لاتکلف نفس الا وسعها [س ۲ : ۲۳۳

کل نفس ذائقة الموت [س ۳ : ۱۸۴

(۶) شخص - آدمی -

کل نفس بما کسبت رهینة [س ۷۴ : ۳۸
= کل امرئي بما کسب رهین (س ۵۲ : ۲۱)

(۷) دل - طبیعت -

تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک
[س ۵ : ۱۱۶

واحضرت الانفس الشح [س ۴ : ۱۲۸

ما کان یغني عنهم من الله الا حاجة فی
نفس یعقوب قضاها [س ۱۲ : ۶۸

(۸) نفس امارہ -

واما من خاف مقام ربه ونهي النفس عن
الهوي فان الجنة هی الماوی
[س ۷۹ : ۴۰ و ۴۱

ان النفس لامارة بالسوء الا ما رحم ربی
[س ۱۲ : ۵۳

النفس الامارة کافر طبیعت جو برے کاموں کے لئے
ترغیب دیتی ہے - [س ۱۲ : ۵۳

النفس اللوامة مسلم کی طبیعت جو اپنے تئیں اپنے

برے کاموں کے لئے ملامت کرتی ھے - جو برے اور
بھلے میں تمیز کرتی ھے - [س ۷۵ . ۲

النفس المطمئنة مومن کا دل کہ اس کو ھمیشہ
اطمینان ھے کہ جیسا کرےگا ویسا پائےگا اور جو
خدا کے رحم اور انصاف پر تکیہ کئے ھے - جو برے
کام نہیں کرتا اور جس کا قلب بالکل مطمئن ھے -

یاایتہا النفس المطمئنة ارجعی الی ربک
راضیة مرضیة [س ۸۹ : ۲۷ و ۲۸

نفل

نافلة (۱) اضافه

ومن اللیل فتہجد بہ نافلة لک
[س ۱۷ : ۷۹

(۲) بیٹے کا بیٹا - پوتا -

ووھبنا لہ اسحق ویعقوب نافلة
[س ۲۱ : ۷۲

نقم

ناپسند کرنا - نفرت کرنا - (رازي)

ھل تنقمون منا الا ان امنا باللہ . . .
[س ۵ : ۵۹

نمل

نمل ایک قبیلہ کا نام - (قاموس)
نملة قبیلۂ نمل کي عورت یا رئیسہ -

وادالنمل جبرين اور عسقلان کے درمیان ایک وادي کا نام - (تاج العروس)

حتی اذا اتوا علی وادالنمل قالت نملة یاایها النمل ادخلوا مساکنکم
[س ٢٧ : ١٨

هبط

(١) اترنا -

قیل یانوح اهبط بسلام منا [س ١١ : ٣٨

(٢) ایک جگه سے دوسري جگه جانا -

اهبطوا مصرا فان لکم ماسالتم [س ٢ : ٦١

(٣) ایک حالت سے دوسري حالت میں منتقل هونا -

قال فاهبط منها فمایکون لک ان تتکبر فیها فاخرج انک من الصاغرین [س ٧ : ١٣]

هدهد

الهدهد حضرت سلیمان کا ایک فوجی افسر -

و تفقد الطیر فقال مالي لاارې الهدهد ام کان من الغائبین [س ٢٧ : ٢٠

هوی

هوي (١) گرنا -

ومن یحلل علیه غضبی فقد هوی
[س ٢٠ : ٨١

(۲) اترنا -

و النجم اذا هوی ما ضل صاحبکم وما غوی
[س ۵۳ : ۱ و ۲

هاویۃ گڑھا -
امہ هاویہ = هوت امہ (زمخشري)
(اس کی ماں کا برا هوا -) وائے اس شخص پر -

وتد

(جمع اوتاد) خیموں کے میخ

الم نجعل الارض مهادا والجبال اوتادا
[س ۷۸ : ۶ و ۷

اوتاد اراکین - عمائد سلطنت -
ذوالاوتاد صاحب جبروت -

وفرعون ذوالاوتاد [س ۳۸ : ۱۲

وجه

وجہ (۱) ذات -

کل من علیها فان ویبقی وجه ربک ذوالجلال
والاکرام [س ۵۵ ۲۶ و ۲۷

سیماهم فی وجوههم من اثر السجود
[س ۴۸ . ۲۹

(۲) رخ - سامنا -

فاینما تولوا فثم وجه الله [س ۲ ۱۱۵

(۳) پہلا حصہ -

وقالت طائفة من اهل الكتاب امنوا
بالذی انزل علی الذین امنوا وجه النهار و
اکفروا اخره [س ۳ : ۷۱

(۴) خوشنودي -

وماتنفقون الا ابتغاء وجه الله [س ۲ : ۲۷۲

(۵) منهه - چهره -

ظل وجهه مسودا [س ۱۶ : ۵۸

علی وجه روبرو - سامنے -

فالقوه علی وجه ابي [س ۱۲ : ۹۳

وجوه (جمع) سردار و رؤساء - (رازي)

امنوا بما نزلنا مصدقا لما معكم من قبل
ان نطمس وجوها [س ۴ : ۴۷

ورای

وراء (۱) بعد -

(۲) لڑکے کا لڑکا - پوتا -

فبشرناها باسحق ومن وراء اسحق يعقوب
[س ۱۱ : ۷۱

وسط

وسطا درمیانی - تمام قوموں کے لئے هدایت کا ماخذ -

وكذالك جعلناكم امة وسطاً لتكونوا شهداء
علي الناس [س ۲ : ۱۴۳

اوسط بهترين - عمده -

فكفارته اطعام عشرة مساكين من اوسط
ماتطعمون اهليكم . . . [س ۵ : ۸۹

قال أوسطهم الم اقل لكم لولا تسبحون
[س ۶۸ : ۲۸

وسطي بهترين - افضل -

حافظوا علي الصلوات والصلوة الوسطي
[س ۲ : ۲۳۸

وفی

متوفيك — مميتك (بخاري)
ميں تجھكو موت دوں گا -

اذقال الله يا عيسى اني متوفيك ورافعك
الي [س ۳ : ۵۴

وقی

كسي كام سے بچنا - پرهيز كرنا -

تقوی برے كاموں سے بچنا - پرهيز كرنا -

ياجوج

يه لفظ عجمی هے -

ماجوج کي نسل یعني اس قوم کو جو ماجوج سے پیدا هوئي گوگ کہتے هیں اور پهر اس ملک پربهي جہاں وہ آباد تهی گوگ یا یاجوج کا استعمال هونے لگا ۔ مگر استعمال میں یہ دونوں لفظ ساتهہ ساتهہ بولے جاتے هیں ایک کا دوسرے پربهي اطلاق هوتا هے اور اسی طرح عربی میں بهي یاجوج و ماجوج کا استعمال هوتا هے ۔ یہ لوگ تاتاری ترک هیں جو تمام ملک تاتار اورچیني تاتار میں آباد هیں ۔

قیل انهما من الترک (رازی)

ید

ید (۱) هاتهہ ۔

(۲) قوت ۔

ذوالاید صاحب قوت ۔

واذکر عبدنا داود ذاالاید [س ۳۸ : ۱۷

عن ید بوجہ قوت ۔ بوجہ تسلط ۔ بوجہ ید طولی ۔

حتي یعطوا الجزیة عن ید وهم صاغرون
[س ۹ : ۲۹

یس

یاسین یاانسان

اے شخص ۔

یعقوب

حضرت اسحٰق کے لڑکے اور حضرت ابرھیم کے پوتے کا نام - [س ۲۱ : ۷۲ و س ۱۱ : ۷۱

یمن

یمین (جمع ایمان)
(۱) داھنے ھاتھ -
(۲) مبارک -

واصحاب الیمین مااصحاب الیمین [س ۵۶ : ۷ ،

(۳) زور - قوت -

فراغ علیھم ضربا بالیمین [س ۳۷ : ۹۳

ماملکت یمینک دیکھو تحت ملک -
ماملکت ایمانکم دیکھو تحت ملک -

تتمہ

رقم

اصحاب الکھف والرقیم ایک ھی گروہ کا لقب ھے - اصحاب کھف ان کو اس لئے کہتے ھیں کہ وہ ایک ظالم بادشاہ کے ظلم سے بھاگ کر ایک پہاڑ کی

کھوہ (کہف) میں جا چھپے تھے - اور ان کو اصحاب الرقیم اس لئے کہتے ھیں کہ ان کے حالات اور نام ایک رمانہ میں جست کے پتر پر کندہ کراکر اور بعض روایتوں کے مطابق پتھر پر کھود کر رکھے گئے تھے -

شرح

شرح صدر دل کی گرہ کھولنا - دل کشادہ کرنا - بات یا معاملہ سمجھنے کی طاقت دینا -

الم نشرح لک صدرک و وضعنا عنک وزرک

[س ۹۴ : ۱ و ۲

رب اشرح لی صدري ویسر لی امري

[س ۲۰ : ۲۵ و ۲۶

فمن یرد الله ان یهدیه یشرح صدره للاسلام -
و من یرد ان یضله یجعل صدره ضیقا حرجا
. . .

[س ۶ : ۱۲۶

طلع

مطلع الشمس وہ جگہ جہاں آفتاب نکلتا ہوا معلوم ھوتا ھے -

حتي اذا بلغ مطلع الشمس . . .

[س ۱۸ : ۹۰

عان

عین حمئة گدلے پانی کا چشمہ - سمندر کا پانی

خود میلا اور کبھی کچھ سا دکھائی دیتا ہے اور آفتاب
کے غروب کے وقت اس کی شعاعوں سے اس پر سرخی
جھلکتی ہے اسی لئے اس گدلے پانی کے چشمہ
سے تشبیہ دی ہے

حتی اذا بلغ مغرب الشمس وجدها تغرب
فی عین حمئۃ [س ۱۸ : ۸۶

غرب

مغرب الشمس اس سے ایسی جگہ مراد ہے جہاں سے
آدمی کو آفتاب ڈوبتا ہوا معلوم ہو جیسے سمندر
میں سفر کرنے والے کو یا سمندر کے مشرقی کنارہ
پر کھڑے رہنے والے کو سمندر میں آفتاب ڈوبتا
ہوا معلوم ہوتا ہے -

حتی اذا بلغ مغرب الشمس وجدها تغرب
فی عین حمئۃ ووجد عندها قوما
[س ۱۸ : ۸۶

تمت بالخیر

زیر طبع

(۱) اردو ترجمہ قرآن مجید بغیر متن - دوسری بار -
(۲) اردو ترجمہ احادیث نبوی مع اصل -

مترجمہ میرزا ابوالفضل -

ریسارم سوسائٹی - الہ آباد -

ضمیمه

اب

(غریب القرآن ص ۱)

اواب (مبالغه کا صیغه) بهت رجوع کرنے والا ۔ بڑا حکم ماننے والا ۔ [س ۳۸ : ۱۷

ان

الان زمانه حاضر کا اسم هے اور کبهي کبهي اور زمانوں میں بهي مجازا استعمال هوتا هے ۔

الان خفف الله عنکم و علم ان فیکم ضعفا [س ۸ : ۶۶

ابد

(غریب القرآن ص ۱)

ابد (جمع آباد)

ابریق

اباریق (جمع) فارسی آبریز سے معرب ۔ ٹونٹی دار پیاله ۔

یطوف علیهم ولدان مخلدون باکواب و اباریق [س ۵۶ : ۱۷ و ۱۸

ابل

(غریب القرآن ص ۲)

ابابیل ابابیل کثیرة متفرقة یتبع بعضها بعضا (معالم التنزیل)

اثر
(غریب القرآن ص ۲)
اثرالرسول (حصہ اول ص ۳)
المراد بالرسول موسیٰ علیہ السلام و باثرہ سنتہ و رسمہ الذی امر بہ (ابو مسلم)
دیر کرنا ۔ تاخیر کرنا ۔

اجل
(غریب القرآن ص ۴)
اجل (۱) ممتد زمانہ کی انتہا ۔ وہ وقت جو اقتضائے مدت کے لئے معین ہو ۔
(۲) عدت ۔

فاذا بلغن اجلھن [س ۲ ۔ ۲۳۴

اجل (جیم ساکن) باعث ۔ وجہ

من اجل ذالک کتبنا علی بنی اسرائیل ۔ ۔ ۔ [س ۵ ۳۲

اخذ
(غریب القرآن ص ۵)
اخذ (۱) پکڑنا ۔ (۲) روکنا ۔ (۳) گرفتار کرنا اور مار ڈالنا [لسان العرب] ۔ (۴) لینا ۔ حاصل کرنا ۔ (۵) آلینا ۔ دبوچنا ۔ (۶) چھین لینا ۔ سلب کردینا ۔

قل ارءیتم ان اخذ اللہ سمعکم و ابصارکم ۔ ۔ ۔ [س ۶ : ۴۶
(۷) سزادینا ۔ (لسان العرب)

اتخاذ (۱) لینا ۔

قل اتخذتم عند اللہ عہدا ۔ [س ۲ : ۸۰

(۲) مقرر کرنا ۔

(۳) بنانا ۔

والذین اتخذوا مسجدا ضرارا و کفرا
و تفریقا بین المومنین ۔ ۔ [س ۹ : ۱۰۷

(۴) کرنا ۔ (۵) اختیار کرنا ۔

(۶) گمان کرنا ۔ یقین کرنا ۔

و من الاعراب من یتخذ ما ینفق
مغرما [س ۹ : ۹۸

و یتخذ ما ینفق قربات عند اللہ ۔
[س ۹ : ۹۹

متخذات اخدان چوری چھپے آشنائی کرنے والی
عورتیں ۔ [س ۴ : ۲۵

متخذی اخدان چوری چھپے آشنائی کرنے والے
[س ۵ : ۵

اخر (غریب القرآن ص ۶)

تاخیر (ضد تقدیم)

(۱) پیچھے چھوڑنا ۔ (۲) بھول جانا ۔

ینبؤا الانسان یومئذ بما قدم و اخر
[س ۷۵ : ۱۳

(۳) مہلت دینا ۔ ملتوی کرنا ۔

و لئن اخرنا عنھم العذاب الی امۃ
معدودۃ [س ۱۱ : ۸

(۴) دیر کرنا -

الاخرۃ = الاولی (قمطی لغت)

ما سمعنا بھذا في الملۃ الاخرۃ - - - [س ۳۸ : ۷

فللہ الاخرۃ و الاولی [س ۵۳ : ۲۵

فاخذہ اللہ نکال الاخرۃ والاولی [س ۷۹ : ۲۵

ادم

(غریب القرآن ص ۷)

آدم نوع انسان - و ما المقصود بادم ادم وحدہ ۔ (کشف الاسرار)

اذ

اِذ (۱) زمانہ ماضی کا اسم

(۲) تعلیلیہ یا سببیہ -

و لن ینفعکم الیوم اذ ظلمتم انکم في العذاب مشترکون [س ۴۳ : ۳۹

(۳) = قد (تحقیقیہ)

ایا مرکم بالکفر بعد اذ انتم مسلمون [س ۳ : ۷۹

(۴) زائدہ -

و اذ قال ربک للملائکۃ [س ۲ : ۳۰

اِذا (۱) فجائیہ (کلمہ مفاجات جس سے کسی بات کا یک بارگی اور اتفاقا ہونا پایا جاتا ہے) ۔

و اقترب الوعد الحق فاذا هی شاخصة
ابصار الذین کفروا [س ۲۱ : ۹۷

(۲) = ف تفریعیہ

و ان تصبهم سیئة بما قدمت ایدیهم
اذ هم یقنطون [س ۳۰ : ۳۶

(۳) زائدہ

اذا ما جب - جس وقت -

اذا ما غضبوا هم یغفرون [س ۴۲ : ۳۷

إذاً (حرف جزاء یا حرف تفریع) تو - تب -
اس وقت - اس صورت میں

و لئن اطعتم بشرا مثلکم انکم
اذا لخاسرون [س ۲۳ : ۳۴

اذن

اذن هر ایک کی بات سن لینے والا - کان کا
کچہ -

= یسمع من کل احد (ابن عباس) و
یقولون هو اذن [س ۹ : ۶۱

ارض

(غریب القرآن ص ۹)

الارض = الدنیا خود غرضی - نفسانیت

و لو شئنا لرفعناه بها و لکنه اخلد
الی الارض و اتبع هویه [س ۷ : ۱۷۶

ارك

الارائك تخت - (حبش كى لغت)

متكئين فيها على الارائك [س ١٨ : ٣١

استبرق

إستبرق دبيز ريشمى كپڑا (عجمى لغت)

عليهم ثياب سندس خضر واستبرق
[س ٧٦ : ٢١

اسر

أسير (جمع أسرى)
اسارى (جمع الجمع) اسرى كى جمع اسير كى جمع الجمع

اسف

اسف رنج كرنا اور كڑهنا
آسفونا انهوں نے هم كو غصه دلايا

فلما آسفونا انتقمنا منهم فاغرقناهم اجمعين
[س ٤٣ : ٥٥

اصر

اصرا (١) قول و قرار - عهد (نبطى لغت)

قال ءاقررتم و اخذتم على ذلكم اصرى
[س ٣ : ٨٠

(۲) بار گران - بوجھہ - بار -

ربنا ولا تحمل علینا اصرا [س ۲ : ۲۸۶

اصل

اصال (جمع)، احدا صیل

اُف

اُف (۱) یہ کلمہ کسی چیز کو ناپسند کرنے کے وقت استعمال میں آتا ہے

اف لکم و لما تعبدون من دون اللہ

[س ۲۱ : ۶۷

(۲) گھبرا اُٹھنے میں یا جھڑکنے میں استعمال ہوتا ہے

فلا تقل لھما اف ولا تنھرھما - - [س ۱۷ : ۲۳

افق

اُفق معنا اعلی درجہ

الافق المبین وہ بلند درجہ جو انسان اور فرشتوں کے درجہ اور منزلت کو جدا کرتا ہے

بالافق المبین ای علی مرتبۃ و منزلۃ فی رفعۃ القدر (رازي)

ولقد راہ بالافق المبین [س ۸۱ : ۲۳

= فاستوی - وھو بالافق الاعلی

(س ۵۳ : ۶ و ۷)

اقت

(فتحه، تشدید)
اقّتت جمع کئے جائیں گے (کلمانه کی لغت)
واذا الرسل اقّتت [س ۷۷ : ۱۱

اکل

اکل (۱) کهانا - (۲) لینا
یا ایها الذین امنوا لاتاکلوا الربوٰا
[س ۳ : ۱۲۹
(۳) پکڑنا -
حرمت علیکم المیتة - - - وما
اکل السبع الا ما ذکیتم [س ۵ : ۳
= اخذها (ابن عباس)
(۴) خورد برد کرنا
ولاتاکلوا اموالهم الی اموالکم [س ۴ : ۲
اُکل = ثمر میوه - پهل - (تاج العروس)
[س ۶ : ۱۴۲

اَل

(۱) اسمی بمعنی الذی یا اس کے فروع - یه اسم موصول بهی کهلاتا هے اور اسم فاعل و اسم مفعول پر آتا هے
(۲) حرف تعریف
(الف) عهدی (۱) عهد ذکری - (۲) عهد ذهنی - (۳) عهد حضوری -

(ب) جنسی (۱) اِستغراق افراد کے لئے -
= کل - یا جس پر داخل ہو اُس میں
سے کسی چیز کا استثناء صحیح ہو - یا
اس کا وصف صیغہ جمع کے ساتھ وارد کیا
جاے - (۲) افراد کے خصائص کا استغراق
کرنے کے لئے (۳) ماهیت حقیقت اور
جنس کی تعریف کے لئے -

وجعلنا من الماء کل شئی حی [س ۲۱ : ۳۰

(۳) زائده لازم وغیر لازم -

(۴) عوض - ضمیر و اسم -

آل

الاولی = الاخرة (قبطی لغت)

و قرن فی بیوتکن و لا تبرجن تبرج
الجاهلیة الاولی - - - [س ۳۳ : ۳۳

فاخذه الله نکال الاخرة والاولی [س ۷۹ : ۲۵

فلله الاخرة والاولی [س ۵۳ : ۲۵

وان لنا للاخرة والاولی [س ۹۲ : ۱۳

اَل

(فتحه و تشدید)

الال = القرابة رشته داري (ابن عباس)

دیکھو و ان یظهروا علیکم لا یرقبوا فیکم الا و
لا ذمة [س ۹ : ۸

الا الف ولام بالفتحہ (غریب القرآن ص ۱۱)

(۱) فبای الاء ربکما تکذبان [س ۵۵ : ۱۳

= فبای قدرة اللہ تکذبان (ابن جریر)

= ان الایة مذکورة لبیان القدرة لا لا

الاء النعمة (رازی)

اَلا (فتحہ الف کے ساتھہ اور بغیر تشدید)

(۱) = همزہ + لا (حرف نفی) تنبیہ کا جملہ ہے اور اپنے مابعد کی تحقیق پر دلالت کرتا ہے -

الا انهم هم السفهاء [س ۲ : ۱۳

(۲) یہ تخصیص اور عرض دونوں صورتوں میں مستعمل ہے یعنی کسی چیز کے طلب کرنے میں برانگیختہ کرکے یا نرمی کرکے -

الا تقاتلون قوما نکثوا ایمانهم و هموا باخراج الرسول وهم بدءوکم اول مرة [س ۹ : ۱۳

الا تحبون أن یغفر اللہ لکم واللہ غفور رحیم [س ۲۴ : ۲۲

(۳) نربیخ بمعنی خبردار - کیوں نہیں ؟

(۴) نمنی بمعنی کاش

أَلّا (فتحہ اور تشدید کے ساتھہ) = أن (ناصب فعل مضارع) + لا (نافیہ) یا أن (مفسرہ) + لا (نافیہ)

و زين لهم الشيطان اعمالهم فصدهم عن
السبيل فهم لا يهتدون الا يسجدوا لله
[س ٢٧ : ٢٤ و ٢٥

انه من سليمان و انه بسم الله الرحمن
الرحيم الا تعلوا علي وأتوني مسلمين
[س ٢٧ : ٣٠ و ٣١

إلا (كسرة اور تشديد سي ساتهه)
(١) استثنائيه - (٢) صفتي بمعني غير -
لو كان فيهما آلهة الا الله لفسدتا [س ٢١ : ٢٢
(٣) عاطفه تو بمعني واو عطف -

وحيث ما كنتم فولوا وجوهكم شطره لئلا
يكون للناس عليكم حجة - الا الذين
ظلموا منهم - فلا تخشوهم واخشوني
[س ٢ . ١٥٠

يا موسى لا تخف - اني لا يخاف لدي
المرسلون الا من - ظلم ثم بدل حسنا بعد
سوء فاني غفور رحيم [س ٢٧ : ١٠ و ١١
(٤) -- بل بلكه

طه ما انزلنا عليك القرآن لتشقى الا تذكرة
لمن يخشى [س ٢٠ : ١-٣
(٥) -- = بدل بدله - عوض

الهة الا الله [س ٢١ ٢٢
(٦) -- = إن (حرف شرط) + لا (حرف نفي)

الا تنصروہ فقد نصرہ اللہ [س ۹ : ۴۰
(۷) آغاز کلام کے لئے۔ (۸) — لکن لیکن

الف

ایلاف لازم کر لینا۔

ایلفہم رحلۃ الشتاء والصیف | س ۱۰۶ : ۲
= لزومھم (ابن عباس)

الہ

اِلٰہ (جمع آلِھَۃ)
اللہ = ال + اِلٰہ
اللھم = یا اللہ (حرف ندا کو حذف کرکے اس کے عوض اخیر میں میم مشدد لایا گیا)

الوا

(ذو کا اسم جمع۔ حالت نصب و جر میں اولی)
اولوا الالباب (۱) خرد مند۔ عقلمند۔
(۲) دل رکھنے والے۔ اہل دل
اولوا باس کارزار والے۔ لڑنے والے۔
اولوا العزم صاحبان عزم۔ بڑے ہمت والے۔
اولوا الابصار اہل بصیرت۔
اولی الامر (۱) اہل الفقہ والدین (ابن عباس)
(۲) دیندار۔ مومن۔

الیٰ

(حرف جر) (۱) انتہائے غایت خواہ زمانہ کے لحاظ سے ہو یا مکان کے یا اور کسی چیز کے اعتبار سے -

(۲) معیت - شامل ہونا -

ولا تاکلوا اموالھم الی اموالکم] س ۴ : ۲

(۳) — فی (ظرف)

قل اللہ یحییکم ثم یمیتکم ثم یجمعکم الی یوم القیامۃ] س ۴۵ : ۲۶

(۴) لام کا مرادف ہونا -

والامر الیک] س ۲۷ : ۳۳

= الامر لک

(۵) برائے تبئین حقیقی ومجازی -

= عند (نزدیک - پاس)

قال رب السجن احب الی مما یدعوننی الیہ] س ۱۲ : ۳۳

(۶) توکید یا زائدہ

فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم] س ۱۴ : ۳۷

(۷) برائے سمت -

اوحینا الی ام موسیٰ] س ۲۸ : ۷

(۸) اسم کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے

وهزي اليك بجذع النخلة [س ۱۹ ۲۵

أم

فتحہ و تشدید (غریب القرآن ص ۱۲)

أم — ام القریٰ (۱) بستیوں کا صدر مقام -
(۲) مکہ معظمہ -
(۳) اہل مکہ (بطریق مجاز مرسل)

و كذلك اوحينا اليك قرآنا عربيا لتنذر
ام القرى ومن حولها [س ۴۲ ۷

ام الکتاب اصل کتاب - ماخذ -

أم — (فتحہ و میم ساکن) حرف عطف ہے -
(۱) متصلہ (الف) استفہامیہ

ءانتم اشد خلقا ام السماء [س ۷۹ ۲۷

(ب) معادلہ بمعنی سواء

ان الذين كفروا سواء عليهم ءانذرتهم ام لم
تنذرهم [س ۲ : ٦

(۲) منقطعہ (اضراب) بمعنی نہیں -
بلکہ -

قل هل يستوي الاعمى والبصير ام هل
تستوي الظلمات والنور [س ۱۳ ۱٦

(۳) زائدہ

افلا تبصرون - ام انا خير من هذا الذي هو
مهين ولا يكاد يبين [س ۴۳ ۵۲

اما

اما — (فتحہ اور تشدید)

(۱) حرف شرط ہے اور تفصیل اور توکید کا حرف بھی -

امامن استغنی فانت لہ تصدی

[س ۸۰ : ۵ و ۶

(۲) = اَم (منقطعہ) + ما (استفہامیہ)

حتی اذا جاء و قال اکذبتم بایاتی ولم تحیطوا بہا علما اماذا کنتم تعملون

[س ۲۷ : ۸۴

(۳) - ام (استفہامیہ) + ما (موصولہ)

قل ء الذکرین حرم ام الانثیین اما اشتملت علیہ ارحام الانثیین [س ۶ : ۱۴۴

اِمّا (کسرہ اور تشدید)

حرف عطف (۱) ابہام -

وآخرون مرجون لامر اللہ اما یعذبہم و اما یتوب علیہم [س ۹ : ۱۰۶

(۲) تخئیر (اختیار دینا)

قالوا یا موسیٰ اما ان تلقی و اما ان نکون اول من القی [س ۲۰ : ۶۵

(۳) تفصیل -

انا ہدینٰہ السبیل اما شاکرا و اما کفورا

[س ۷۶ : ۳

(۴) حرف شرط — اِن (شرطیہ) + ما (زائدہ)

فاما ترین من البشر احدا - - -
[س ۱۹ : ۲۶

امر (غریب القرآن ص ۱۶)

(۷) دین - مذهب -

فتقطعوا امرهم بینهم زبرا - کل حزب بما
لدیهم فرحون [س ۲۳ : ۵۳

(۸) میل -

لا تدری لعل الله یحدث بعد ذالک امرا
[س ۶۵ : ۱

(۹) مراد - ارادہ - رائے - خواہش -

وما فعلته عن امری [س ۱۸ : ۸۲

(۱۰) خبر - بات -

اذا جاءهم امر من الامن او الخوف
[س ۴ : ۸۳

(۱۱) انتظام - تدبیر -

(۱۲) گناہ -

فذاقوا وبال امرهم [س ۶۴ : ۵

(۱۳) بابت - معاملہ -

اذ یتنازعون بینهم امرهم [س ۱۸ : ۲۱

امارہ (مبالغہ کا صیغہ) بہت سکھانے والا - زوروں سے ترغیب دینے والا -

امرنا = سلطنا ہم نے تسلط دی - مسلط کیا - غلبہ اور حکومت دی - (ابن عباس)

واذا اردنا ان نہلک قریۃ امرنا مترفیہا
ففسقوا فیہا فحق علیہا القول فدمرناہا
تدمیرا [س ۱۷ : ۱۶

امن

الامانۃ = الفرائض فرائض - (ابن عباس)
انا عرضنا الامانۃ علی السموت والارض
- - - [س ۳۳ : ۷۲

ان

بالفتحہ والتخفیف (غریب القرآن ص ۱۷)
(۱) کہ - یہ کہ (مصدریہ)

یریدون ان یطفؤا نور اللہ [س ۹ : ۳۲
وان طلقتموہن من قبل ان تمسوہن
- - - [س ۲ : ۲۳۷

(۲) = ان ثقلیہ کا مخفف
افلا یرون الا یرجع الیہم قولا [س ۲۰ : ۸۹

(۳) زائدہ -
ولما ان جاءت رسلنا لوطا [س ۲۹ : ۳۳
= ولما جاءت رسلنا لوطا (س ۱۱ : ۷۷
فلما ان جاء البشیر - - -
[س ۱۲ : ۹۶

(۴) = اِن (شرطیہ)
(۵) = اِن = ما (نافیہ)

قل ان الھدی ھدی اللہ ۔ ان یوتی احد مثل ما اوتیتم او یحاجوکم عند ربکم
[س ۳ : ۷۲

(۶) تعلیلیہ ۔

وعجبوا ان جاءھم منذر منھم [س ۳۸ : ۴

یخرجون الرسول وایاکم ان تومنوا باللہ ربکم [س ۶۰ : ۱

(۷) = اِذ (جب)

اِن (کسرہ و تخفیف) غریب القرآن ص ۱۸

(۵) تعلیلیہ ۔

قال اتقوا اللہ ان کنتم مومنین
[س ۵ : ۱۱۲

واشکروا اللہ ان کنتم ایاہ تعبدون
[س ۲ : ۱۷۲

(۶) = قد

اَن (فتحہ اور تشدید) اِن (کسرہ و تشدید) کی فرع اور موصول حرفی ھے ۔

(۱) حرف تاکید ۔

(۲) = لعلی (شاید)

ومایشعرکم انھا اذا جاءت لایومنون
[س ۶ : ۱۱۰

اِن (کسرہ اور تشدید)

(۱) تاکید اور تحقیق ۔

(۲) تعلیل ۔
(۳) = نعم (کلمہ ایجاب)
ان ھذان لساحران [س ۲۰ : ۶۳
(۴) ابتداء کلام ۔

انثیٰ
(غریب القرآن ص ۱۹)
(۲) = موتی مردہ چیز (ابن عباس)

انی
آن بالکل جوش کھایا ہوا اور بدھوا گرم پانی ۔
(ابن عباس)

آنی (غریب القرآن ص ۱۹)
(۴) = آین (کہاں ۔ کس جگہ ۔
کدھر ۔)
فانی توفکون [س ۶ : ۹۶
(۵) = من این (کہاں سے)
قال یامریم انی لک ھذا [س ۱۹ : ۳۶
(۶) = حیث (جس طرح)

آوّاہ
اواہ (مبالغہ) رحمدل ۔ (لغت حبش)
ان ابراھیم لاواہ حلیم [س ۹ : ۱۱۴

اهل

(غریب القرآن ص ۲۰)

اهل (٥) (الف) لائق - سزاوار -

قال یانوح انه لیس من اهلک - انه عمل غیر صالح - [س ۱۱ : ۴۶

اهل الکتاب (غریب القرآن ص ۲۱)

(۲) یہود و نصاریٰ -

وان من اهل الکتاب الالیؤمنن به قبل موته ویوم القیامة یکون علیهم شهیدا [س ۴ : ۱۵۹

او

(بالفتحہ وسکون واؤ) حرف عطف -

(۱) یا (شک کے لئے ابہام کے لئے تخییر یعنی دو یا دوسری میں سے ایک بات اختیار کرنے کے لئے)- اباحة یعنی دو باتوں میں سے ایک یا دونوں کو پسند کرنا -

(۲) تفصیل اجمال کے لئے -

(۳) = بل (اضراب کے معنی)

وارسلنا الی مائة الف او یزیدون [س ۳۷ : ۱۴۷

فکان قاب قوسین او ادنی [س ۵۳ : ۹

(۴) = و (اور)

فقولا له قولا لینا لعله یتذکر او یخشی [س ۲۰ : ۴۴

*

لعلہم یتقون او یحدث لہم ذکرا
[س ۲۰ : ۱۱۳

ولا تطع منہم اثما او کفورا ‏[س ۷۶ : ۲۴

(۵) — اِلا (استثناء)
(۶) = اِلی (ظرفیہ)
(۷) نہیں تو -
(۸) - حتی (یہاں تک کہ)

ستدعون الی قوم اولی باس شدید
تقاتلونہم او یسلمون ‏[س ۴۸ : ۱۶

ایِ

اي (فتحہ اور تشدید کے ساتھ)
(۱) شرطیہ -
(۲) استفہامیہ -
(۳) موصولہ -
(۴) اسم معرف با لام کی ندا سے ملتے والا کلمہ -

ایہ

(غریب القرآن ص ۲۱)
(۵) عبرت -

ان فی ذالک لایۃ

ایات بینات بین احکام - واضح احکام -
ایات متشابہات قران کي وہ ایتیں جن میں استعارات و تشبیہ بھرے ہیں اور جن کے سمجھنے کے لئے ان استعارات و تشبیہوں کے سمجھنے کی ضرورت ہے -

آیات محکمات = آیات بینات

ب (بائے مفردہ) حرف جر ہے۔

(۱) الصاق۔

(۲) = ہمزہ (تعدیۃ)

(۳) استعانت۔

بسم اللہ

(۴) سببیت۔

فکلا اخذنا بذنبہ [س ۲۹ : ۴۰

(۵) = مع مصاحبت۔

قیل یا نوح اھبط بسلام منا [س ۱۱ : ۴۸

(۶) = فی ظرفیت۔

ولقد نصرکم اللہ ببدر [س ۳ : ۱۲۲

(۷) = علی استعلاء

ومن اھل الکتاب من ان تامنہ بقنطار

۔ ۔ ۔ [س ۳ : ۷۴

(۸) = عن مجاوزۃ۔

فاسئل بہ خبیرا [س ۲۵ : ۵۹

(۹) = من تبعیض۔

عینا یشرب بہا عباد اللہ [س ۷۶ : ۶

(۱۰) = الی غایت۔

وقد احسن بی اذ اخرجنی من السجن
[س ۱۲ : ۱۰۰

(۱۱) مقابلہ - عوض -

ادخلوا الجنۃ بما کنتم تعملون [س ۱۶ : ۳۲

(۱۲) توکید - زائدہ -

وکفی باللہ شہیدا
[س ۴ : ۱۶۶

ویذرون ازواجا یتربصن بانفسھن اربعۃ
اشھر وعشرا
[س ۲ : ۲۳۴

باب

باب جمع ابواب

ابواب السماء (غریب القرآن ص ۶۱)

ابواب کل شیء ہرطرح کے راحت کے سامان

- - - فتحنا علیھم ابواب کل شیء
[س ۶ : ۴۴

بات

بیت (جمع بیوت) (۱) مکان - گھر -
(۲) مسجد - معبد -
[س ۲۴ : ۳۶

باس

بئیس = شدید (غسان کی لغت)

واخذنا الذین ظلموا بعذاب بئیس بما
کانوا یفسقون
[س ۷ : ۱۶۵

باض

بیض موتی (ابن عباس)

وعندهم قاصرات الطرف عين کا ھن بیض
مکنون [س ۳۷ : ۴۸ و ۴۹
= و حور عین کا مثال اللولو المکنون
(س ۵٦ : ۲۲ و ۲۳)

باع

بیع مسیحیوں کے عبادتخانے - (فارسی سے
معرب) [س ۲۲ : ۴۰

بان

بینات = ایات بینات بین احکام - واضح احکام -
وآتینا عیسی ابن مریم البینات [س ۲ . ۸۷
مبین (یہ بناھے لفظ ابان سے جس کے معنی ھیں جدا
کرنے کے) جدا کرنے والا -
افق مبین (دیکھو تحت اُفق)

باء

باوا مستوجب ھوے -
وباء بغضب من اللہ [س ۳ : ۱۱۱

بحر

بحیرۃ وہ اونٹنی کہ عرب جاھلیت میں جب وہ
پانچ بچے جن چکتی اور پانچواں بچہ نر ھوتا
تو اس کو ذبح کر کے اس کا گوشت صرف مرد کھاتے
اور عورتیں اس سے پرھیز کرتیں اور اگر اس کا
پانچواں بچہ مادہ ھوتا تو اس اونٹنی کے

دونوں کان کاٹ کر اسے چھوڑ دیتے تھے
(ابن عباس)

ماجعل اللہ من بحیرۃ [س ۵ : ۱۰۳

بدا

مایبدئ الباطل ومایعید باطل سے نہ کچھ ہوتا ہے
اور نہ ہوگا - (نذیر احمد)

قل جاء الحق ومایبدئ الباطل ومایعید
[س ۳۴ : ۴۹

بدع

بدیع (۱) وہ شئی جو اپنے سے پہلی کسی چیز سے
مشابہت نہیں رکھتی -
(۲) وہ شخص جو ایسی چیز بنائے جس کی
مثل پہلے نہ تھی -

بدیع السموت والارض [س ۲ : ۱۱۷

بدع انوکھا - نئی چیز -

قل ماکنت بدعا من الرسل [س ۴۶ : ۹

بر

البر = ماامرت بہ جس کام کا تجھ کو حکم
دیا گیا ہے - (ابن عباس)

برج

(۱) منازل سیارات

(۲) مستحکم اور عظیم الشان محل ۔

اینما تکونوا یدرککم الموت و لو کنتم فی بروج مشیدة [س ۴ : ۷۸

برد

ٹھنڈا ہو جانا ۔ (آگ کا) بجھ جانا ۔

قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراهیم [س ۲۱ : ۶۹

برص

الابرص — کوڑھی ۔ جس کے جسم میں کوڑھ پھوٹ گیا ہو ۔ جس سے لوگ نفرت کریں اور نہ چھوئیں ۔ روحانیت میں اس کے معنی محض بدترین گنہگار کے ہیں کہ جس کا دل گناہ کے زخموں سے بھرا ہے اور جس سے روحانیت والے نفرت کرتے اور اپنے نزدیک بھٹکنے نہیں دیتے ۔

و ابرئ الاکمه و الابرص و احی الموتی باذن الله [س ۳ : ۴۸

برک

تبارک — یہ ایسا فعل ہے جو محض زمانہ ماضی کے لفظ میں اور خدا کی ذات کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ اس کی گردان نہیں ہوتی چنانچہ اس کو اسم فعل کہا گیا ہے ۔

بسط

باسطوا ایدیهم = البسط الضرب بسط کے معنی مارنے کے هیں - (ابن عباس) [س ۶ : ۹۴

بسل

تبسل — تفضح فضیحت کیا جاتا هے - (ابن عباس) گرفتار کیا جاتا هے -

وذکر به ان تبسل نفس بما کسبت

[س ۶ : ۷۰

بشر

بشر جمع (واحد بشرة)
(۱) چهرہ -
(۲) آدمی -
(۳) کوئي ایسي خبر دینا جس سے چهرہ کي رنگت بدل جاے خواہ اچهي خبر هو یا بري خبر - (رازي)

و بشر الذین آمنوا وعملوا الصالحات ان لهم جنات تجري من تحتها الانهار

[س ۲ : ۲۵

وبشر الذین کفروا بعذاب الیم [س ۹ : ۳

بصر

ابصر به واسمع = ما ابصره واسمع کیا خوب دیکهتا هے اور سنتا هے - [س ۱۸ : ۲۶

بضع

بضع تھوڑا زمانہ - ایک سے دس سال تک کا زمانہ -
[س ۱۲ : ۴۲

بضاعۃ (۱) پونجی - (۲) مال -
(۳) قیمت مال - روپیہ -

وقال لفتیانہ اجعلوا بضاعتھم فی رحالھم
- - - [س ۱۲ : ۶۲

بطن

بطن (۱) پیٹ - شکم -
(۲) قبیلہ -
(۳) ترائی -

وھو الذی کف ایدیھم عنکم وایدیکم عنھم
ببطن مکۃ من بعد ان اظفرکم علیھم
[س ۴۸ : ۲۴

بطانۃ رازدار
لاتتخذوا بطانۃ من دونکم [س ۳ : ۱۱۷

بطائن (جمع) استر - (قبطی لغت)
متکئین علی فرش بطائنھا من استبرق
[س ۵۵ : ۵۴

بعل

بعلا = رب (یمن کی لغت)

اتدعون بعلا و تذرون احسن الخالقین
الله ربکم ورب آبائکم الاولین
[س ۳۷ : ۱۲۵ و ۱۲۶

بغی

البغاء — الزنا زنا ۔ (ابن عباس)

ولا تکرهوا فتیاتکم علی البغاء ان اردن
تحصنا [س ۲۴ : ۳۳

بقی

(غریب القرآن ص ۲۴)
بقیت الله خدا نے اس کے علاوہ تمہارے لئے جتنا حلال کیا ہے ۔

و یاقوم اوفوا المکیال والمیزان بالقسط ولا
تبخسوا الناس اشیاءهم ولا تعثوا فی الارض
مفسدین ۔ بقیت الله خیر لکم ان کنتم
مومنین [س ۱۱ : ۸۵ و ۸۶

بکر

آبکار جمع (واحد بکر) بالکل نئی ۔ (قاموس)

انا انشاناهن انشاء فجعلناهن ابکارا
[س ۵۶ : ۳۵ و ۳۶

بکم

بکم (۱) وہ گونگا پن جو ایمان کی بات کہنے میں
عارض ہو ۔ (ابن عباس)

صم بكم عمي فهم لايرجعون [س ۲ . ۱۸
(۲) محض گونگاپن -

بل

(۱) حرف اضراب جب اس کے بعد کوئي جمله آے - اس سے يا تو اس کے ماقبل کا ابطال کيا جاتاهے يا ايک غرض سے دوسري غرض کی طرف منتقل کيا جاتاهے -

ام يقولون به جنة - بل جاءهم بالحق - -
[س ۲۳ : ۷۰

ولدينا کتاب ينطق بالحق وهم لايظلمون -
بل قلوبهم في غمرة من هذا - -
[س ۲۳ : ۶۲ و ۶۳

(۲) -- و (بمعني اثبات)

والله من وراءهم محيط بل هو قرآن مجيد
[س ۸۵ : ۲۰ و ۲۱

قالوا ءانت فعلت هذا بالهتنا ياابراهيم -
قال بل فعله - کبيرهم هذا فسئلوهم ان
کانوا ينطقون [۲۱ : ۶۲ و ۶۳

بلی

بلا (۱) آزمائش -

فلما اسلما وتله للجبين - ونادينا ان يا
ابراهيم قد صدقت الرءيا - - -

ان هذا لهو البلوء المبين -
[س ۳۷ : ۱۰۳ - ۱۰۶

(۲) نعمت (ابن عباس)

و لقد اخترنٰهم علی علم علی العالمین -
و اتینٰهم من الایات مافیه بلوء مبین
[س ۴۴ : ۳۲ و ۳۳

فلم تقتلوهم ولکن الله قتلهم - ومارمیت
اذ رمیت و لکن الله رمیٰ - و لیبلی
المومنین منه بلاء حسنا [س ۸ : ۱۷

بلیٰ

بلیٰ (۱) ا‌ئے قبل واقع ہونے والی نفی کی تردید کرتا ہے -

الذین تتوفٰهم الملائکۃ ظالمی انفسهم -
فالقوا السلم ماکنا نعمل من سوء - بلیٰ ...
[س ۱۶ : ۲۸

واقسموا بالله جهد ایمانهم لایبعث الله
من یموت - بلیٰ وعدا علیه حقا - - -
[س ۱۶ : ۳۸

(۲) اس استفهام کا جواب جو کسی نفی پر داخل هو اور پهر اس نفی کے ابطال کا فائدہ دے - عام اس سے کہ استفهام حقیقی هو یا توبیخی یا تقریری -

---

ام یحسبون انا لانسمع سرهم و نجویهم -

بلی ورسلنا لدیهم یکتبون ‏[س ۴۳ : ۸۰
الست بربکم ـ قالوا بلی ‏[س ۷ : ۱۷۲

بهج

بهیج = حسن خوشنما (ابن عباس)

ـ ـ ـ وانبتنا من کل زوج بهیج
‏[س ۲۲ : ۵

بان

بین (۱) اسم مصدر بمعنی وصل ـ
وجعلنا بینهم موبقا ‏[س ۱۸ : ۵۲
(۲) بمعنی فرق ـ

ت

(حرف جر بمعنی قسم) صیغہ تعجب اور اسم اللہ کے ساتھہ خاص ہوتی ہے ـ قسم کا اصلی حرف بے ہے ـ واؤ اس کا بدل ہے ـ اور تے واؤ کا بدل ہے ـ اور تے میں معنی تعجب کی زیادتی ہے ـ (زمخشری)

تاویل

(۱) مراد ـ حقیقت ـ
وما یعلم تاویلہ الا اللہ ‏[س ۳ : ۶
(۲) راز ـ بھید ـ

ذالک تاویل مالم تستطع علیہ صبرا
[س ۱۸ : ۸۲

(۳) تعبیر خواب ۔

وقال یاابت ھذا تاویل رؤیای من قبل
[س ۱۲ : ۱۰۰

(۴) = مرجع عاقبۃ حشر انجام (رازی)

یاایہا الذین امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا
الرسول واولی الامر منکم ۔ فان تنازعتم فی
شئی فردوہ الی اللہ والرسول ان کنتم
تومنون باللہ والیوم الاخر ۔ ذالک خیر
واحسن تاویلا ۔ [س ۴ : ۵۹

(۵) مصداق ۔ وقوع ۔

بل کذبوا بما لم یحیطوا بعلمہ ولما یاتہم
تاویلہ [س ۱۰ : ۳۹

ھل ینظرون الا تاویلہ ۔ یوم یاتی تاویلہ
یقول الذین نسوہ من قبل قد جاءت رسل
ربنا بالحق [س ۷ : ۵۲

تبع

اتبعہ الشیطان شیطان نے اس کو مغلوب کیا ۔ (تاج العروس)

واتل علیہم نبا الذی اتیناہ آیاتنا فانسلخ
منہا فاتبعہ الشیطان ۔ ۔ ۔ ۔
[س ۷ : ۱۷۵

تترا

تترا یتبع بعضھا بعضا متواتر - یکے بعد دیگرے
ثم ارسلنا رسلنا تترا [س ۲۳ : ۴۴

ترب

ترائب (جمع) واحد تریبہ - عورت کے ھار پہننے کی جگہ - گردن سے سینہ تک عورت کے سامنے کا حصہ -
من بین الصلب والترائب (س ۸۶ : ۷)
دیکھو تحت صلب -
ذامتربۃ حاجتمند اور مصیبت زدہ (ابن عباس)
او مسکینا ذا متربۃ [س ۹۰ : ۱۶
اتراب = مستویاب برابر کی چیزیں - (ابن عباس)
وعندھم قاصرات الطرف اتراب -
[س ۳۸ : ۵۲

ترف

مترفیھا (۱) خوشحال لوگ -
(۲) = شرارھا ان میں کے شریر لوگ (ابن عباس)
وما ارسلنا فی قریۃ من نذیر الا قال مترفوھا
انا بما ارسلتم بہ کافرون [س ۳۴ : ۳۴

ترک

وترکنا علیه فی الاخرین [س ۳۷ : ۷۸
= لسان صدق للانبیاء کلهم تمام نبیوں کے
واسطے ایک ذکر خیر (ابن عباس)

تعس

تعسالهم ان کی بربادی هے -

والذین کفروا فتعسا لهم [س ۴۷ : ۸

ثاب

ثیاب = قلب

وثیابک فطهر والرجز فاهجر [س ۷۴ : ۴ و ۵

- - - جعلوا اصابعهم في آذانهم
و استغشوا ثیابهم و اصروا و استکبروا
استکبارا [س ۷۱ : ۷

مثابة = یثوبون الیه ثم یرجعون وهاں جاکر ثواب
حاصل کرتے اور پھر واپس آتے هیں - (ابن
عباس)

واذ جعلنا البیت مثابة للناس وامنا
[س ۲ : ۱۲۵

ثقب

الثاقب چیرنے والا -

النجم الثاقب اپنی رفتار سے فضا کو چیرنے والا ستارہ — تیز رفتار ستارہ -

وما ادریک ما الطارق النجم الثاقب
[س ۸۶ : ۲ و ۳

ثقل

ثقلان انس و جن - عرب و عجم (حماسہ)

سنفرغ لکم ایہ الثقلان [س ۵۵ . ۳۱

ثم

ثم (فتحہ کے ساتھ) مکان بعید کی طرف اشارہ کرنے کا اسم ہے - وہاں -

وازلفنا ثم الاخرین [س ۲۶ : ۶۴

ثم (ضمہ کے ساتھ) حرف ہے (بمعنی پھر) -
(۱) == ، حکم میں دوسرے کو شریک کرنا - (۲) ترتیب - (۳) مہلت - (۴) زائدہ -

ثمن

ثمانیۃ کا لفظ صرف فصاحت کلام کے لئے آیا ہے - اس سے کوئی عدد خاص مقصود نہیں ہے - اور اس میں بہت بڑی بلاغت یہ ہے کہ اس کے دو رکن کے یعنی اس کے مضاف الیہ اور مضاف الیہ کے مضاف الیہ کے بیان کے محذوف کرنے سے عدد غیر

متناهی اور اجناس غیر محصور کا اظہار
هوتاهے ۔ جیسے ثمانیة الاف یا ثمانیة الاف
الاف الی غیر النهایة من المخلوقات الغیر
المحصور ۔

ثنی

ثانی عطفہ تکبر سے اکڑتاھوا ۔
= مستکبر افی نفسہ (ابن عباس)

ومن الناس من یجادل فی اللہ بغیر علم
ولاهدی ولاکتاب منیر ثانی عطفہ ۔ ۔ ۔
[س ۲۲ : ۹

یثنون صدورھم وہ اپنے سینوں میں دشمنی چھپائے
ھیں ۔ ان کے دلوں میں دشمنی ھے ۔
الا انهم یثنون صدورهم لیستخفوا منہ ،
[س ۱۱ : ۵

جار

الجار ذی القربٰی = الذی بینک و بینہ قرابۃ وہ
شخص جس سے تم سے قرابۃ ھے ۔ تمہارا رشتہ دار
(ابن عباس) ۔ تمہاری قوم کا آدمی [س ۴ : ۳۶
الجار الجنب دیکھو تحت لفظ جنب ۔

جاس

جاسوا خلال الدیار انہوں نے تمام گلی کوچوں کو چھان
ڈالا ۔ (جذام کی لغت) [س ۱۷ : ۵

جبت

جبت = شیطان (لغت حبش)

جبر

جبار = مسلط - صاحب حکومت - (لغت حمیر)

جبل

جبل (کسرہ کے ساتھ) قومیں - جماعتیں -

ولقد اضل منکم جبلا کثیرا [س ۳۶ : ۶۲

جبلۃ = جبل قومیں -

و اتقوا الذی خلقکم والجبلۃ الاولین [س ۲۶ : ۱۸۴

جثا

جثیا (۱) = جمیعا سب کے سب -

فوربک لنحشر نہم و الشیاطین ثم لنحضرنہم حول جہنم جثیا [س ۱۹ : ۶۸

(۲) گھٹنوں کے بل بیٹھے ہوئے -

وتری کل امۃ جاثیۃ [س ۴۵ : ۲۸

جد

جد ربنا - عظمتہ خدا کی عظمت (ابن عباس)

وانہ تعلیٰ جد ربنا ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا [س ۷۲ : ۳

جدل

(۱) جھگڑا کرنا ۔
(۲) بحث کرنا ۔
(۳) التجا کرنا ۔

جرح

الجوارح = الکلاب والفھود والصقور واشباھھا (ابن عباس) کتے جیسے چرغ اور ان ھی کی طرح کے دوسرے شکاری جانور ۔ [س ۵ : ۴

اجتراح برائی کرنا ۔ گناہ کا مرتکب ھونا ۔

ویعلم ما جرحتم بالنھار [س ۶ : ۶۰
= کسبتم من الاثم (ابن عباس)

جعل

تمام افعال میں یہ ایک عام لفظ ھے ۔ یہ فعل صنع اور اپنے تمام ھم معنی لفظوں سے بدرجہا زاید عام ھے اور اس کا تصرف کئی وجوہ پر ھوتا ھے ۔

(۱) صار اور طفق کا قائم مقام ھوتا اور متعدی نہیں ھوتا ۔
(۲) بجائے اوجد کے آتا ہے اور اس وقت ایک مفعول کی طرف متعدی ھوتا ھے ۔

جعل الظلمات والنور [س ۶ : ۱

(۳) کسی شئے سے دوسری شئے کو ایجاد کرنے اور بنانے کے معنی میں آتا ھے -

واللہ جعل لکم من انفسکم ازواجا
[س ۱۶ : ۷۲

(۴) ایک شئے کو ایک خاص حالت میں کردینے میں آتا ھے -

الذي جعل لکم الارض فراشا [س ۲ : ۲۲

(۵) ایک شئے سے اسی شئے پر حکم لگانے کا فائدہ دیتا ھے خواہ بحیثیت حق ھو یا بطور باطل -

وجاعلوہ من المرسلین [س ۲۸ : ۷

ویجعلون للہ البنات [س ۱۶ : ۵۷

جمع

جمع کیدہ اس نے اپنی تدبیر ٹھان لی - اس نے فیصلہ کرلیا کہ وہ کیا تدبیر کرے گا -

فتولی فرعون فجمع کیدہ ثم اتی
[س ۲۰ : ۶۰

جن

بالفتحہ (غریب القرآن ص ۳۰)

جنة (جمع جنات) الجنة هي الاشجار التي تستر شعاع الشمس بہت سے گھنے درخت جو شعاع آفتاب کو چھپا لیں -

فی جنات و نہر گھنے درختوں کے بیچ میں اور نہروں کے
کنارے - بڑی راحت میں -

ان المتقین فی جنات ونہر [س ۵۴ : ۵۴

جن (بالکسرہ و تشدید)

(۳) عربی میں جنان پہاڑ کو بھی کہتے ہیں -
(قاموس) -
= عمری جہلیم (بہاری)
(۴) نجومی - کاھن -

قل اوحی انہ استمع نفر من الجن فقالوا
انا سمعنا قرانا عجبا یہدي الی الرشد
فامنا بہ - ولن نشرک بربنا احدا - - -
وانا لمسنا السماء فوجدناھا ملئت حرسا
شدیدا وشہبا وانا کنا نقعد منہا مقاعد
للسمع - فمن یستمع الان یجد لہ شہابا
رصدا وانا لا ندري اشر ارید بمن فی الارض ام
اراد بہم ربہم رشدا - - -

[س ۷۲ : ۱ و ۲ و ۸ - ۱۰

جنب

والجار الجنب = الذي لیس بینک وبینہ قرابۃ
(ابن عباس) وہ شخص جو تمہارا قرابتدار
نہیں - جو دوسری قوم کا آدمی ہے -
الصاحب بالجنب = الرفیق دوست - (ابن
عباس)

و بالوالدین احسانا و بذي القربی

والیتٰمی والمسکین والجار ذی القربی
والجار الجنب والصاحب بالجنب
وابن السبیل [س ۴ : ۳۶

جنبا ولانشخص جس پر غسل واجب ہوا ہو جو بغیر
غسل نماز نہ پڑھ سکتا ہو ۔

- - - لا تقربوا الصلوٰة وانتم سکارٰی
حتی تعلموا ما تقولون ولا جنبا الا عابری
سبیل حتی تغتسلوا [س ۴ : ۴۳

جنح

جناح (ضمہ وفتحہ) = حرج (ابن عباس)
حرج - مضائقہ ۔

لیس علی الذین امنوا وعملوا الصالحات
جناح فیما طعموا اذا ما اتقوا وامنوا و
عملوا الصالحات ثم اتقوا وامنوا ثم اتقوا و
احسنوا - والله یحب المحسنین
[س ۵ : ۹۳

جہل

جہولا — غرا بامر الله خدا کے حکم سے غافل ہو
جانے والا ۔

انا عرضنا الامانة علی السموت والارض
والجبال فابین ان یحملنها واشفقن
منها وحملها الانسان - انه کان ظلوما
جهولا ۔
[س ۳۳ : ۷۲

حاش

حاشا تنزیہ کے معنی میں اسم ھے - قرآن مجید میں یہ لفظ حرف استثنائیہ واقع ہوا ھے -

حاش للہ جملہ استعجاب ھے

حاش للہ ماھذا بشرا - ان ھذا الاملک کریم [س ۱۲ ۳۱

حبر

تحبرون = مکرمون عزت دیئے جاؤ گے - (ابن عباس)

ادخلوا الجنۃ انتم وازواجکم تحبرون [س ۴۳ . ۷۰

حبل

حبل اللہ خدا سے تعلق - خدا سے رشتہ -

واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا [س ۳ ۱۰۲

حتی

الی کی طرح یہ بھی انتہائے غایت کا حرف ھے -

(۱) -- الی (یہاں تک کہ)

قالوا لن نبرح علیہ عاکفین حتی یرجع الینا موسی [س ۲۰ . ۹۱

(۲) = کے (تعلیلہ) ۔ تاکہ

ولا یزالون یقاتلونکم حتی یردوکم عن دینکم ان استطاعوا [س ۲ : ۲۱۷

(۳) = اِلا

وما یعلمان من احد حتی یقولا اِنما نحن فتنۃ فلاتکفر [س ۲ : ۱۰۲

(۴) زائدہ

حتی اذا فتحت یاجوج وماجوج وھم من کل حدب ینسلون [س ۲۱ : ۹۶

(۵) ابتدائیہ ۔

حاج

یحاجرکم وہ تم پر فوقیت لے جائیں ۔ (ابن عباس)

ان یؤتی احد مثل ما اوتیتم او یحاجوکم عند ربکم [س ۳ : ۷۲

۔ ۔ ۔ قالوا اتحدثونھم بما فتح اللہ علیکم لیحاجوکم بہ عند ربکم [س ۲ : ۷۶

حجر

بالفتحہ (غریب القرآن ص ۳۴)

(۱) (لغت) دکھ دلی زمین ۔ پہاڑ [س ۲ : ۶۰

(۲) مصیبت ۔ عذاب ۔

و اذقالوا اللھم ان کان ھذا ھوالحق من عندک فامطر علینا حجارۃ من السماء او ائتنا بعذاب الیم [س ۸ : ۳۲

حجارۃ (جمع)

حجارۃ من سجیل (۱) کھنگرپھترجوآتشفشاں پھاڑوں سے آتشفشانی کے وقت نکلتے ھیں اور جس سے آس پاس کی تمام بستیاں نیست و نابود ھوجاتی ھیں -

فلما جاء امرنا جعلنا عالیھا سافلھا و امطرنا علیھا حجارۃ من سجیل منضود مسومۃ عند ربک [س ۱۱ : ۸۲ و ۸۳

(۲) دیکھو تحت لفظ سجل (غریب القرآن صفحہ ۵۴)

حجرا محجورا لفظی معنی ھیں روک آڑکی گئی یعنی ھم میں اور ان میں آڑھوجائے کہ ان کی صورت ھم کو نہ دکھائی دے - دور دفان -

یوم یرون الملائکۃ لا بشری یومئذ للمجرمین ویقولون حجرا محجورا [س ۲۵ : ۲۲

حد

حدود اللہ - طاعۃ اللہ (ابن عباس)

حدود = احکام

الاعراب اشد کفرا و نفاقا واجدر الا یعلموا حدود ما انزل اللہ علی رسولہ [س ۹ : ۹۷

تلک حدود اللہ [س ۴ : ۱۳

حرف

علی حرف -- مذبذبین بین ذالک - لاالی ھوءلاء ولا الی ھوءلاء (س ۴ : ۱۴۳)
کفر اور ایمان کے درمیان مذبذب - نہ اس طرف کے نہ اُس طرف کے - اپنے موقع کی تاک میں کہ جس طرف پلہ جھکتا دیکھا آپ بھی جھک پڑے -

ومن الناس من یعبد اللہ علی حرف - فان اصابہ خیر اطمان بہ - وان اصابتہ فتنۃ انقلب علی وجھہ [س ۲۲ : ۱۱

حرم

حرم (ضمہ، تشدید) - رجب واجب کیا گیا - (لغت حبش)

انی قد جئتکم بایۃ من ربکم - - - - - - مصدقا لما بین یدی من التوراۃ ولاحل لکم بعض الذی حرم علیکم - - - [س ۳ : ۴۹

حرام = واجب (کسائی)

وحرام علی قریۃ اھلکناھا انھم لایرجعون [س ۲۱ : ۹۵

المحروم جو اپنی تکلیف نہیں بتا سکتا - جو کہہ نہیں سکتا - گونگے جانور - (زمخشری)

وفی اموالهم حق للسائل والمحروم
[س ۵۱ ۱۹

حسب

حسبان (۱) = عدد الایام و الشهور و السنین و حساب (ابن عباس) - حساب
والشمس والقمر بحسبان [س ۵۵ ۵
(۲) عذاب
ویرسل علیها حسبانا من السماء
[س ۱۸ ۴۰

حسر

حسرة (۱) ندامت - پشیمانی -
ثم تکون علیهم حسرة [س ۸ ۳۶
(۲) رنج کوفت -
لیجعل الله ذالک حسرة فی قلوبهم
[س ۵ · ۱۵۵

حسن

حسان (بالکسرة) جمع (واحد حسناء) خوبصورت - اچھی - عمدہ -
فیهن خیرات حسان [س ۵۵ : ۷۰

حصب

حاصب پتھروں کي آندھي جیسا کہ آتشفشانی کے

وقت آتش فشاں پہاڑوں کی چاروں طرف چھا جاتی ہے -

انا ارسلنا علیھم حاصبا الا آل لوط
[س ۵۴ . ۳۴

اوامنتم ان یخسف بکم جانب البر او یرسل علیکم حاصبا ثم لا تجدوا لکم وکیلا
[س ۱۷ ۶۸

حصحص

حصحص = تبین کھل گیا - (ابن عباس)

قالت امرات العزیز الئن حصحص الحق
[س ۱۲ : ۵۱

حصر

حصورا مرد جو عورتوں سے علٰحدہ رہے - بدھ چاری - جوگی - (ابن عباس) [س ۳ . ۳۹

حصن

محصنات پاکدامن عورتیں - آزاد عورتیں -

حرمت علیکم امھاتکم - - - و المحصنات من النساء الا ما ملکت ایمانکم [س ۴ : ۲۴

حط

حطۃ گناہ کی بوجھہ سے سبکدوش ہونے کی دعا

کرنا ـ خدا سے اپنے گناھوں کے لئے استغفار
کرنا ـ [س ۲ : ۵۸

حفد

حفدة بیٹے کا بیٹا ـ پوتا ـ (ابن عباس)
وجعل لکم من ازواجکم بنین وحفدة ـ ـ
[س ۱۶ : ۷۲

حفر

حافرة = حیات زندگی ـ (ابن عباس)
یقولون ءانا لمردودون فی الحافرة
[س ۷۹ : ۱۰

حفظ

حفظة قوی جو خدا نے انسان میں پیدا کئے ھیں اور جو
باعث حیات انسان ھیں اور جب موت آتی ھے
تو وھی ایسے مختل ھو جاتے ھیں کہ انسان
مرجاتا ھے ـ
ویرسل علیکم حفظة حتی اذا جاء احدکم
الموت توفته رسلنا وھم لا یفرطون
[س ۶ : ۶۱

حق

حق علیہ کذا = وجب اس پر واجب ھوا ـ
= ثبت اس پر ثابت ھوا ـ (تاج العروس)

فریقا هدی و فریقا حق علیهم الضلالة
[س ۷ : ۳۰

بالحق — بمقتضائے علم و عدل و حکمت و ضروریات (راغب) - بمقتضائے مشیت ایزدی -

نزل علیک الکتاب بالحق مصدقا لما بین یدیه
[س ۳ : ۳

حکم

حکم (۱) حکمت
(۲) عقل - سمجھ -

یایحیی خذ الکتاب بقوة واتینه الحکم صبیا
[س ۱۹ ۱۲

(۳) نبوت -

حل

یحل علیه (حائے مکسورہ و لام مشدد) اس پر واجب ہوا - (تاج العروس)

ومن یحلل علیه غضبی فقد هوی
[س ۲۰ : ۸۱

افطال علیکم العهد ام اردتم ان یحل علیکم غضب من ربکم فاخلفتم موعدی
[س ۲۰ : ۸۶

یحل علیه (حا بالضمه و لام مشدد) اس پر اترے گا - (تاج العروس)

حل (کسرہ و تشدید)
= حل (ضمہ و تشدید) رہنے والا -

لااقسم بهذاالبلد وانت حل بهذاالبلد
- - - [س ۹۰ : ۱ و ۲

حما

حام ایام جاهلیت میں اس اونٹ کو کہتے تھے کہ اس پر نہ بوجھ لادتے نہ اس کا اون اتارتے اور نہ اس کو کہیں چرنے اور پانی پینے سے روکتے -
[س ۵ : ۱۰۳

حمد

حمد (۱) تعریف - (۲) شکر - (ابن عباس)
الحمد لله رب العالمین [س ۱ : ۱
(۳) — امر حکم - (ابن عباس)

یوم یدعوکم فتستجیبون بحمده وتظنون
ان لبثتم الا قلیلا [س ۱۷ : ۵۲

حمل (غریب القرآن ص ۳۶)
اس کے معنی اٹھانے کے ہیں مگر اس کا استعمال شے مادی موجود فی الخارج کی نسبت بھی ہوتا ہے اور شے عقلی غیر مادی غیر موجود فی الخارج پر بھی ہوتا ہے -

مثل الذین حملوا التوراة ثم لم یحملوها
کمثل الحمار یحمل اسفارا - - -
[س ۶۲ : ۵

جب کسي کو کسي شے کا حامل کہتے هیں
اس سے اس کا ظہور لازمي تصور کیا جاتا هے ۔
حاملان توراة اسي لئے کہتے تھے که ان سے احکام
توراة ظاهر اور معلوم هوتے تھے اور حاملان
شریعت سے احکام شریعت ۔ اسی طرح جس
چیز سے جو چیز ظاهر هو اس کو اس کا حامل
کہتے هیں ۔ خدا کی مخلوق سے جو خدا کی
سلطنت وبادشاهت ظاهر هوتی هے ان پر
حاملان عرش کا اطلاق هوتا هے ۔

حنف

حنیف سیدهي راه پر چلنے والا ۔ آنجناب کي
بعثت سے کچھ قبل عربوں میں ایک گروه
کا نام جو طلب حق کے لئے سرگرداں تھا ۔

وقالوا کونوا هودا او نصاری تهتدوا ۔ قل
بل ملة ابراهیم حنیفا [س ۲ : ۱۳۵

حنک

لاحتنکن ضرور جڑ سے کھود پھینکیں گے ۔ (اشعریئین
کي لغت)

لئن اخرتن الي یوم القیامه لاحتنکن
ذریته الا قلیلا [س ۱۷ : ۶۲

خار

خیر خرش سلیقگي ۔

ان علمتم فيهم خيراً = ان علمتم لهم حيلة اگر تم کو ان کے لئے کوئي حيلہ يا تدبير معلوم هو (ابن عباس) - اگر تم ان میں خوش سليقگی پاؤ -

و الذين يبتغون الكتاب مما ملكت ايمانكم فكاتبوهم ان علمتم فيهم خيرا
[س ۲۴ : ۳۳

خيرات جمع مؤنث (واحد خيرة) اچھي چيزيں - اچھي باتيں - اچھی صفتيں - اچھي خصلتيں -

فيهن خيرات حسان [س ۵۵ : ۷۰

خاف

تخوف آهسته آهسته [illegible] - (قاموس)

افامن الذين مكروا السيات ان يخسف الله بهم الارض - - - اوياخذهم على تخوف [س ۱۶ : ۴۵ - ۴۷

خان

خائنة الاعين آنکھ کي چوري - نگاہ بد يا آنکھ کے اشارے -

يعلم خائنة الاعين و ما تخفي الصدور
[س ۴۰ : ۱۹

ختر

ختار دغا باز سخت بدکار اوربد اطوار - (ابن عباس) غدار -

وما یجحد بایاتنا الاکل ختار کفور
[س ۳۱ : ۳۲

خد

ولا تصعر خدک للناس [س ۳۱ : ۱۸
اس قدر غرور نہ کرو کہ لوگوں کو حقیر سمجھو اور جب وہ تم سے بات کریں تو ان کی طرف سے منھہ پھیر لو - (ابن عباس)

تخوف - [illegible] -
(قاموس)

افامن الذین مکروا السیات ان یخسف اللہ بھم الارض - - - اویاخذھم علی تخوف
[س ۱۶ : ۴۵ - ۴۷

خان

خائنۃ الاعین آنکھہ کی چوری - نگاہ بد یا آنکھہ کے اشارے -

یعلم خائنۃ الاعین و ما تخفی الصدور
[س ۴۰ : ۱۹

خرص

خراصون سخت جهوتے لوگ - (کذا بہ کي لغت)

قتل الخراصون [س ۵۱ : ۱۰

خسا

خسا دتکارنا جس طرح کتے کو دتکارتے هيں -

قال اخسوءا فيها ولا تکلمون [س ۲۳ : ۱۰۸

خشع

وخشعت الاصوات للرحمان [س ۲۰ : ۱۰۸

= سکنت تهہر جائيں گي - (ابن عباس)

خطف

خطف الخطفه (بات اُچک لينا)

[س ۳۷ : ۱۰

= استرق السمع چوري سے سن لينا

(س ۱۵ : ۱۸)

يه دونوں نجوميوں (کاهنوں) کے محاورے هيں - ان کي عادت تهي که وه اونچے مکانوں پر بيٹهه کر ستاروں کي حرکت اور هبوط وعروج اور منازل بروج اور کواکب کے سعد و نحس پر غور کيا کرتے تهے اور يه بهي مشهور کر رکها تها که ان کو ملاء اعلیٰ کی باتيں سنائي ديتي هيں اور اسي سے وه پيشين گوئياں کيا

کرتے ھیں - اس سے سمع کا اچک لینا ھرگز
مراد نہیں ھے کیونکہ لا یسمعون
(س ۳۷ . ۸) میں نہایت شدت سے سمع کے
سین اور میم کو مشدد کرکے اس کی نفی کی
گئی ھے -

خفا

اخفا (۱) چھپانا - (۲) ظاھر کرنا -

ان الساعة آتية اکاد اخفيها لتجزي کل
نفس بما تسعي [س ۲۰ : ۱۵

خفض

اِخفض جناحک لفظي معني ھیں اپنے بازو یا پہلو
اس سے مراد ھے تواضع خاطر
مدارات -

واخفض جناحک للمؤمنین [س ۱۵ : ۸۸

خل

خلال (۱) درمیان -
(۲) ابر (لغت جرھم)

- - - فتري الودق یخرج من خلاله
[س ۲۴ : ۴۳

خلد

(غریب القرآن ص ۳۹)
الخلد والخلود في الاصل الثبات المدید
دام او لم یدم (بیضاوی)

اخلدالي الارض اس نے دنیا پر تکیہ کیا - ٹیک لگائی -
[س ۷ : ۱۷۶

خلف (غریب القرآن ص ۳۹)

اختلفوا في الكتاب کتاب کے خلاف کرتے یا اس میں خلاف باتیں داخل کرتے ھیں (رغب)

اولئک الذين اشتروا الضلالة بالهدی والعذاب بالمغفرة - - - ذالک بان الله نزل الكتاب بالحق - وان الذين اختلفوا في الكتاب لفي شقاق بعيد
[س ۲ : ۱۷۶

ولقد آتينا موسي الكتاب فاختلف فيه
[س ۱۱ : ۱۱۰

خلق

اختلاق = تخریص جھوٹی بات بنانا - (ابن عباس)

ان هذا الا اختلاق [س ۳۸ : ۷

انما تعبدون من دون الله اوثانا و تخلقون افكا [س ۲۹ : ۱۷

تصنعون (ابن عباس)

خلق (خا ولام ضمه) جھوٹی باتیں - بنائی ھوئی باتیں -

قالوا - - - ان هذا الا خلق الاولين

ومانحن بمعذبین [س ۲۶ : ۱۳۶ و ۱۳۷
خلاق (بالفتحہ) حصہ (ابن عباس)

- - - فاستمتعوا بخلاقهم فاستمتعتم بخلاقکم کما استمتع الذین من قبلکم بخلاقهم [س ۹ : ۶۹

خمص
۲

مخمصة (۱) بھوک [س ۹ : ۱۲۰
(۲) قحط اور خشک سالی -

- - - فمن اضطر فی مخمصة غیر متجانف لاثم فان الله غفور رحیم [س ۵ : ۳

خنق

المنخنقة = التی تختنق فتموت وہ جانور جو گردن مروڑ کر یا گلا دبا کر مارا گیا ہو - (ابن عباس) [س ۵ : ۳

خوي

خاویة = سقطا علیها علی اسفلها گر کے تلے اوپر ہو گیا - (ابن عباس)

فهی خاویة علی عروشها [س ۲۲ : ۴۵

دار

دائرة (جمع دوائر) مصیبت کا دور -

- - - ویتربص بکم الدوائر - علیهم

دائرۃ السوء [س ۹ ۹۸

دان

(غریب القرآن ص ۴۰)
(۳) مدینین = مملوکین (رازی)

داب

دابۃ الارض = الارضۃ (دیمک)

فلما قضینا علیہ الموت مادلھم علی موتہ
الا دابۃ الارض تاکل منساتہ [س ۳۴ : ۱۴

دبر

دابر اخیر شخص - (رازی)

فقطع دابر القوم الذین ظلموا [س ۶ : ۴۵

دحض

مدحضین باطل کئے ہوے - رد کئے ہوے - نکالے ہوے -

فساھم فکان من المدحضین [س ۳۷ ۰ ۱۴۱

دخن

(غریب القرآن ص ۴۱)
دخان (۲) = الجدب (خشکسالی)
(۳) = الجوع (بھوک)

فارتقب یوم تاتی السماء بدخان مبین
یغشی الناس [س ۴۴ : ۱۰ و ۱۱

درک

ادارک علمھم ۔ غاب علمھم ان کا علم غایب ھو گیا ۔ (ابن عباس)

بل ادارک علمھم فی الاخرۃ [س ۲۷ : ۹۹

دسا

دسیھا اس کو (نفس کی خباثت کو) دبا دیا ۔ اس کے عیوب کی اصلاح نہیں کی بلکہ اس پر خاک ڈال دی تاکہ وہ ظاہر نہ ھو ۔

وقد خاب من دسیھا و قد افلح من زکیھا

[س ۹۱ : ۹ و ۱۰

دع

دھکے دے کر نکال دینا ۔ کسی کو اس کے حق سے محروم رکھنا ۔ (ابن عباس)

ارءیت الذی یکذب بالدین ۔ فذالک الذی یدع الیتیم ۔ ۔ ۔ [س ۱۰۷ : ۲

دفئ

دفء اون اور بال کے گرم کپڑے ۔

والانعام خلقھا لکم فیھا دفء ۔ ۔ ۔

[س ۱۹ : ۵

دھق

دھاقا (۱) صاف ۔ پاک ۔ (عکرمہ)

وكاساً دهاقاً [س ٧٨ : ٣٤

(٠) چهلكتا هوا - بهرا هوا -

دون

(١) برخلاف -

وانا منا الصالحون ومنا دون ذالك
[س ٧٢ : ١١

(٢) غير -

واتخذوا من دونه آلهة [س ٢٥ : ٣

ذبح

ذبحِ عظيم زبردست قرباني جو ابراهيم نے اپنے نفس كي خدا كي راه ميں كى كه وه اپنے پاره جگر كو ذبح كرنے كے لئے تيار هوگئے اور خدا نے اسى قربانى كو قبول كرکے لڑكے كى جان بخش دي -

اذ جاء ربه بقلب سليم - - - فلما بلغ معه السعى قال يا بني اني ارى في المنام اني اذبحك فانظر ماذا ترى - قال يا ابت افعل ما تؤمر - ستجدني ان شاء الله من الصابرين - فلما اسلما وتله للجبين - و ناديناه ان يا ابراهيم قد صدقت الرء يا - انا كذالك نجزي المحسنين - ان هذا لهو البلاء المبين - وفديناه بذبح عظيم
[س ٣٧ : ٨٤ و ١٠٢ - ١٠٧

ذرا

ذرانا (۱) ہم نے پھیلایا ۔
(۲) = خلقنا ہم نے پیدا کیا ۔ (ابن عباس)

ولقد ذرانا لجهنم كثيرا من الجن والانس
[س ۷ : ۱۷۹

ذرع

ذرع قوت ۔ استطاعت (زمخشری)
ضاق بہم ذرعا وہ ان کے بارے میں مجبور تھا ۔

ولما جاءت رسلنا لوطا سئى بهم وضاق بهم
ذرعا وقال هذا يوم عصيب [س ۱۱ : ۷۷

ذکر

(غریب القرآن ص ۴۲)
(۳) (الف) شرف (ابن عباس)
(۳) (ب) بدگوئی کرنا ۔ عیب جوئی کرنا ۔
اهذا الذي يذكر الهتكم [س ۲۱ : ۲۶
اہل الذکر وحی کے ماننے والے ۔ اہل کتاب
و ما ارسلنا من قبلك الا رجالا نوحي اليهم
فسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون
[س ۱۶ : ۴۳

ذل

اذلة = رحماء رحم کرنے والے ۔ (ابن عباس)

اذلة علی المؤمنین اعزة علی الکافرین
[س ۵ : ۵۴

ذم

ذمة = عهد (ابن عباس)

کیف و ان یظهروا علیکم لا یرقبوا فیکم الا ولا ذمة
[س ۹ : ۸

ذنب

ذنوبا = عذاب (هذیل کی لغت)

فان للذین ظلموا ذنوبا مثل ذنوب اصحابهم
[س ۵۱ : ۵۹

راب

ریب (۱) شک

الم ذالک الکتاب لا ریب فیه [س ۲ : ۱ و ۲

(۲) حوادث - گردش -

ام یقولون شاعر نتربص به ریب المنون
[س ۵۲ : ۳۰

ریب المنون = الموت (ابن عباس) [س ۵۲ : ۳۰

راح (غریب القرآن ص ۴۲)

روح (بالضمه) = روح (بالفتحه) رحمت (ازهری)

انما المسیح عیسی ابن مریم رسول الله و

کلمتہ القیھا الی مریم و روح منہ [س ۴ : ۱۷۱

روح القدس = روح الامین انبیاء علیہم السلام کی خلقت میں جو ملکہ نبوت ہے اور جو ذریعہ مبدء فیاض سے ان امور کے اقتباس کا ہے جو نبوت یا رسالت سے علاقہ رکھتے ہیں - (سید احمد)
خدا کی طرف سے نبیوں اور مؤمنوں کی تقویت کے لئے فرشتہ رحمت - (۵۸ : ۲۲)

ریح (۳) بڑائی - عظمت -

و لما فصلت العیر قال ابوھم انی لاجد ریح یوسف لولا ان تفندون [س ۱۲ : ۹۴

راد

راودتہ عن نفسہ اس عورت نے اس مرد کو اس (مرد) کی خواہش کے خلاف بہسلانا چاہا -

و راودتہ التی ھو فی بیتھا عن نفسہ و غلقت الابواب [س ۱۲ : ۲۳

روید رود کی تصغیر ہے جس کے معنی مہلت دینے کے ہیں -

و امھلھم رویدا [س ۸۶ : ۱۷

راش

ریشا (۱) پرندوں کے پر - مجازاً عمدہ خوبصورت چمکیلے کپڑے - (۲) خوبصورتی -

يا بني آدم قد انزلنا عليكم لباسا يوارى سواتكم وريشاً [س ۷ : ۲٦

رأي

(ا) ديكهنا -
(۲) خواب ميں ديكهنا -

اذ قال يوسف لابيه يا ابت انى رايت احد عشر كوكبا والشمس والقمر رايتهم لي ساجدين [س ۱۲ : ۴

(۳) خيال كرنا - غور كرنا -

اريت الذي يكذب بالدين [س ۱۰۷ : ۱

ولقد همت به وهم بها لولا ان را برهان ربه [س ۱۲ : ۲۴

= فالمراد بالرؤية حصول تلك الاخلاق و تذكير الاحوال الرادعة لهم عن الاقدام على المنكرات (رازى)

رب

ربما حرف هے -
(ا) بهت جلد - (۲) بكثرت -

ربما يود الذين كفروا لو كانوا مسلمين [س ۱۵ . ۲

ربيون (بالكسرة) = جموع جماعتين (ابن عباس)

وكاين من نبي قاتل معه ربيون كثير
[س ۳ : ۱۴۵

ربانيين (بالفتحه) علماء اور فقهاء

و لكن كونوا ربانيين بما كنتم تعلمون
الكتاب وبما كنتم تدرسون [س ۳ : ۷۸

ربا

ربوة = المكان المرتفع اونچي جگه - (ابن عباس)

واويناهما الى ربوة [س ۲۳ . ۵۰

رجا

رجا گو كه اميد كے معنوں ميں مشهور هے مگر اصلى وضع ميں معنى اميد وبيم دونوں كے هيں اور لغات اضداد ميں سے هے -

لا ترجون لله وقارا [س ۷۱ . ۱۳
= لا تخافون له عظمة خدا كى عظمت سے نهيں ڈرتے - (ابن عباس)
يا اس كے معنى يه بهى هو سكتے هيں كه تم خدا سے كسى بڑي بات كي اميد نهيں ركهتے - اس كي شان بڑى هے كيونكه اسي نے تو تم كو درجه بدرجه ترقي يافته كركے آدمى بنايا هے - چنانچه فرماتا هے

وقد خلقكم اطوارا (س ۷۱ . ۱۴)

رجز

رجز (بالکسرہ) (۱) پلیدي = ناپاکي -

اولئک لهم عذاب من رجز الیم [س ۳۴ : ۵

- - - ویذهب عنکم الرجز الشیطان
[س ۸ : ۱۱

(۲) عذاب -

فارسلنا علیهم رجزا من السماء بما کانوا
یظلمون [س ۷ : ۱۶۲

ولما وقع علیهم الرجز - - - [س ۷ : ۱۳۴

رجس

رجس (بالکسرہ) = سخط ناراضي (ابن عباس)

قال قد وقع علیکم من ربکم رجس وغضب
[س ۷ : ۷۱

- - - ویجعل الرجس علي الذین
لایعقلون [س ۱۰ ۰ ۱۰۰

رجع

ذات الرجع = ذات الترجیع بالجذب کشش
کرنے والي - (عبدالحمید شکری)
سماوات اور ارض کا پہلے ایک هی جسم بسیط
تها اور رفته رفته اس سے مختلف کرے جدا
هوتے گئے لیکن رجوع الی الاصل کي خواهش

ان میں تاحال زائل نہیں ہوئي اور باهمي تجاذب کا عمل ان میں برابر جاري هے - وه ایک دوسرے کو هر وقت کهینچ رهے هیں اور اس طرح نظام عالم کا توازن بلا کم و کاست قائم هے -

آسمان گوید زمین را مرحبا
با توام چون آهن و آهن ربا
گفت سائل چون بماند این خاکدان
در میان این محیط آسمان
همچو قندیل معلق در هوا
نے بر اسفل میرود نے بر علا
آن حکیمش گفت کز جذب سما
از جهات شش بماند اندر هوا
چون ز مقناطیس قبه ریخته
در میان ماند آهنے آویخته ۔
(مولینا روم)

والسماء ذات الرجع [س ۸۶ : ۱۱

اِرجعون — اِرجعنی اِرجعنی واپس جانے دے مجکو - واپس جانے دے مجکو - (بیضاوي)

حتی اذا جاء احدهم الموت قال رب ارجعون لعلي اعمل صالحا فیما ترکت -
[س ۲۳ : ۹۹ و ۱۰۰

رجعوا الی انفسهم وه اپنے جی میں سوچنے لگے -

قال بل فعله - کبیرهم هذا فسئلو هم ان

کانوا ینطقون ۔ فرجعوا الی انفسہم ۔ ۔ ۔
[س ۲۱ : ۶۳ و ۶۴

رجف

رجفۃ (۱) زلزلہ
فاخذتہم الرجفۃ فاصبحوا فی دارھم
جاثمین [س ۷ : ۷۸
= وتلک بیوتہم خاویۃ بما ظلموا
(س ۲۷ : ۵۲)
(۲) تہلکہ کی حالت ۔
راجفہ ہلنے والی زمین ۔

رجل

رجل (۱) آدمی ۔ شخص ۔
وانہ کان رجال من الانس یعوذون برجال
من الجن [س ۷۲ : ۶
(۲) مرد ۔
(۳) شوھر ۔
و لھن مثل الذی علیھن بالمعروف ۔
وللرجال علیھن درجۃ [س ۲ : ۲۲۸
(۴) بھائی ۔
وان کانوا اخوۃ رجالا ونساء ۔ ۔ ۔
[س ۴ : ۱۷۷

رجم (غریب القرآن ص ۴۶)

رجوما اٹکل پچو باتیں کرنے کے لئے -

و لقد زینا السماء الدنیا بمصابیح
وجعلناها رجوما للشیاطین [س ۶۷ : ۵
= رجوما للشیاطین اي انا جعلناها
ظنونا و رجوما للغیب لشیاطین الانس
وهم الاحکامیون من المنجمین (رازي)

رجیم = ملعون (قیس عیلان دی لغت)
[س ۳۸ : ۷۷ و ۷۸

رحم

ارحام جمع (واحد رحم)
(۱) رحم مادر -
(۲) عورتوں کی ذات کہ وهی دنیا میں رحم مادر هیں -

واتقوا الله الذي تساءلون به والارحام
[س ۴ : ۱

رد

ردوا ایدیهم فی افواههم — عضوا علیهم الانامل من الغیظ وه (کافر لوگ) غصے سے اپنی بوٹیاں کاٹنے ڈالتے تھے -

الم یاتکم نبوا الذین من قبلکم قوم نوح و عاد و ثمود والذین من بعدهم - - -

جاءتھم رسلھم بالبینات فردوا ایدیھم فی
افواھھم وقالوا انا کفرنا بما ارسلتم بہ - -
[س ۱۴ : ۹

ردف

ردف = قرب نزدیک ھوا - (ابن عباس)

ویقولون متی ھذا الوعد ان کنتم صادقین -
قل عسی ان یکون ردف لکم بعض الذی
تستعجلون [س ۲۷ : ۷۱ ; ۷۲

رادفہ (۱) قریب آنے والی بات -
(۲) نتیجہ - انجام -

یوم ترجف الراجفۃ تتبعھا الرادفۃ
[س ۷۹ : ۹ ; ۷

ردی

المتردیۃ — التی تتردی من الجبل وہ جانور
جو پہاڑ سے گرنے کے صدمہ سے مرا ھو - [س ۵ . ۳

رسا

رواسی — جبال پہاڑ - (ابن عباس)

والقی فی الارض رواسی ان تمید بکم
[س ۱۱ ۱۵

رشد

رشدا = صلاحا صلاحیت (ابن عباس)

- - - فان انستم منهم رشدا فادفعوا
اليهم اموالهم [س ۴ ۹

رصد

بالمرصاد = یسمع ویری سنتا ہے اور دیکھتا ہے -

ان ربک لبالمرصاد [س ۸۹ : ۱۴

رعی

راعنا آنحضرت کو مخاطب کرتے وقت یہود راعنا کہا کرتے - مخاطب کرنے کے لئے تو یہ لفظ بالکل درست تھا - اور اسی سے مسلمان بھی آپ کو اس سے مخاطب کرتے - مگر یہود آپ سے عناد کی وجہ سے زبان کو دبا کر راعنا کے بدلے رعن کہتے - اس اخیر جملہ کے معنی ہیں یہ الو ہے -

---

یا ایہا الذین امنوا لاتقولوا راعنا وقولوا
انظرنا واسمعوا [س ۲ . ۱۰۴

رغم

مراغماً پناہ کی جگہیں -

ومن یهاجر فی سبیل الله یجد فی الارض
مراغما کثیرا وسعة [س ۴ . ۱۰۰

رفع

رفع (۱) (الف) دیوار اُٹھانا یا دیوار کی طرح اونچا کرنا -

و اذ یرفع ابراهیم القواعد من البیت واسمعیل [س ۲ : ۱۲۷

واذ اخذنا میثاقکم و رفعنا فوقکم الطور [س ۲ : ۶۳

رقب

رقبۃ (جمع رقاب) (۱) گردن ۔
(۲) گردن کا بوجھ ۔ بار ۔

وما ادریک ما العقبۃ ۔ فک رقبۃ [س ۹۰ : ۱۲ و ۱۳

(۳) غلام ۔

رکس

ارکسهم = اوقعهم ان کو مصیبت میں ڈالا ۔ (ابن عباس)

والله ارکسهم بما کسبوا [س ۴ : ۸۸

رکن

رکن (۱) قوت ۔ (۲) سردار

فتولی برکنه وقال ساحر او مجنون [س ۵۱ : ۳۹

رھا

رھواً (۱) ٹھہرا ہوا ۔ ساکن ۔ بغیر جوش و خروش کا دریا ۔

(۲) — سمتاً ایک طرف (ابن عباس)

واترک البحر رھوا [س ۴۴ : ۲۴

زاج

زوج جوڑے میں سے نر ھو یا مادہ ھر ایک کو زوج کہتے ھیں -

زوجین ایک جوڑا -

زوجین اثنین ایک نر اور ایک مادہ ھر جوڑے کا - (رازی) [س ۱۱ : ۴۰

زاغ

زیغ (۱) مائل ھونا - ٹیڑھا ھونا - منحرف ھونا -

(۲) ڈر سے آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا -

اذ جاؤکم من فوقکم و من اسفل منکم و اذ زاغت الابصار و بلغت القلوب الحناجر و تظنون باللہ الظنونا [س ۳۳ : ۱۰

زال

زیلنا ھم فرق بتائیں گے - (حمیر کی لغت)

ویوم نحشرھم جمیعا ثم نقول للذین اشرکوا مکانکم انتم و شرکاؤکم - فزیلنا بینھم [س ۱۰ : ۲۸

زان

زینة (۱) خوبصورتی - روحانی جسمانی واخلاقی (راغب)

یابنی آدم خذوا زینتکم عند کل مسجد وکلوا واشربوا ولاتسرفوا [س ۷ : ۳۱

(۲) زینت کی چیزیں - آرائش -

قل من حرم زینة الله التی اخرج لعبادہ طیبات من الرزق [س ۷ : ۳۲

زبر

زبر (جمع) واحد { زبرة لوھے کا ٹکڑا - زبور لکھی ھوئی چیز - کتاب -

زحف

زحفا لڑائی کے لئے کوچ -

یاایھا الذین امنوا اذا لقیتم الذین کفروا زحفا فلاتولوھم الادبار [س ۸ : ۱۵

زلزل

زلزلة گھبراھٹ

ان زلزلة الساعة شئی عظیم [س ۲۲ : ۱

زمل

زمل = عمل (رازی)

= قولاثقیلا (س ۷۳ : ۵)

مزمل جس کے ذمه کوئی بڑا کام دیا گیا ہو - (عکرمه)

یا ایها المزمل قم الیل الا قلیلا

[س ۷۳ : ۱ و ۲

زنم

زنیم = ظلوم ظالم (علی بن ابی طلحه کی روایت)

ولا تطع کل حلاف مهین هماز مشاء بنمیم
مناع للخیر معتد اثیم عتل بعد ذالک
زنیم ان کان ذا مال وبنین [س ۶۸ : ۱۰ - ۱۴

س

حرف ہے - جب یہ کسی فعل پر داخل ہوتا ہے تو اس بات کا فائدہ دیتا ہے کہ وہ فعل لامحاله واقع ہوگا - (زمخشری) یا وعده اور وعید کا فائده دیتا ہے -

فسیکفیکهم الله [س ۲ : ۱۳۷

اولئک سیرحمهم الله [س ۹ : ۷۱

ساب

سائبة وہ چوپایہ جانور جن کو ایام جاہلیت میں دیوتاؤں کے نام پر آزاد کردیا کرتے تھے اور ان سے کسی طرح کا فائدہ نہیں اٹھاتے : نہ ان پر چڑھتے نہ مال لادتے : نہ ان کا اون اتارتے اور نہ ان کا دودھ

پيچھے - (ابن عباس) | س ۵ ۰ ۱۰۳

سان

سيد (۱) سردار -
(۲) شوهر - (قطبي لغت)

والفيا سيدها لدا الباب - قالت ما جزاء
من اراد باهلك سوء الا ان يسجن او عذاب
اليم [س ۱۲ ۰ ۲۵

ساط

سوط (۱) کورا -
(۲) حصه (قاموس)

فصب عليهم ربك سوط عذاب | س ۸۹ ۰ ۱۳

ساف

سوف سين کي طرح يه بهي حرف هے اور انهى
معنون مين آتا هے -

ولسوف يعطيك ربك فترضى | س ۹۳ ۵

سال

السائل — من يسال العلم (راوي) جو علم کي
بات پوچهے - جو پوچهنا چاهتا هے -

واما السائل فلا تنهر [س ۹۳ ۱۰

سولت لي نفسي ميرے جي مين آيا -

= فعلمت ما دعتني اليه نفسي - و سولت ما حود من السوال والمعلي لم يدعني الى ما فعلته احد غيري بل اتبعت هواي فيه (رازی)

ساء

سوآة جمع (واحد سوءة)
(۱) شرمگاه -
(۲) اعمال قبیحہ - اخلاق قبیحہ - برائیاں - السوءة الفرج والفاحشة والفعلة القبيحة (قاموس)

فوسوس لهما الشيطان ليبدي لهما ما ووری عنهما من سوآتهما - - - [س ۷ : ۲۰

سب

الاسباب — السماء آسمان (ابن عباس)

ام لهم ملك السموات والارض وما بينهما - فليرتقوا فى الاسباب [س ۳۸ : ۱۰

سبط

اسباط = قبائل قبیلے

- - - و ما انزل الي ابراهيم واسمعيل واسحق ويعقوب والاسباط [س ۲ ۱۳۶

سبل

ابن السبيل (١) راہگیر - مسافر -
(٢) لامکان - راستہ راستہ مارا پھرنے والا -

و اتی المال علی حبه ذوي القربی و
الیتمی و المساکین و ابن السبیل
والسائلین وفی الرقاب [س ٢ : ١٧٧

سجد

(١) سر جھکانا -
(٢) تعظیم و تکریم کرنا -

واذ قلنا للملائکة اسجدوا لادم فسجدوا
الاابلیس [س ٢ : ٣٤

ورفع ابویه علی العرش وخروا له سجدا
[س ١٢ : ١٠٠

(٣) غایت انکسار و تذلل و فرمانبرداری -

والنجم والشجر یسجدان [س ٥٥ : ٦
= ای ینقادان له تعلی فیما یرید بهما
طبعا انقیاد الساجدین من المکلفین
طوعا (ابن جریر)

(٤) خدا کی عبادت میں سر جھکانا -

مسجد سجدہ کرنے کی جگہ - معبد -
المسجد الحرام (١) خانۂ کعبہ -

فول وجهک شطر المسجد الحرام
[س ٢ : ١٤٤

(۲) وہ مسجد جس کے اندر خانۂ کعبہ واقع
ہے -

(۳) شہر مکہ -

ذالك لمن لم يكن اهله حاضري المسجد
الحرام [س : ۲ ۱۹۶

سجل

السجل - الرجل - مرد - شخص - (حبش كي
لغت)

يوم نطوي السماء كطي السجل للكتب
[س ۲۱ . ۱۰۴

سحت

سحت كوئي مال جس كا لينا حرام هے - (تاج
العروس)

سماعون للكذب اكالون للسحت - - -
[س ۵ . ۴۲

السحت مال حرام -

- - - واكلهم السحت - - -
[س ۵ . ۶۲

سحر

(غريب القرآن ص ۵۴)

(۱) (الف) جادو بياني -

فقال ان ھذا الا سحر یؤثر ان ھذا الا قول البشر [س ۷۴ : ۲۴ و ۲۵

سخر

(۱) ھنسی اُڑانا -

فاتخذتموھم سخریا حتی انسوکم ذکری [س ۲۳ : ۱۱۰

(۲) تسخیر اور استخدام سے ماخوذ ھے - اس کے معنی قابو میں رکھنے اور خدمت لینے کے ھیں -

ورفعنا بعضھم فوق بعض درجات لیتخذ بعضھم بعضا سخریا [س ۴۳ : ۳۲

سد

سد ذوالقرنین یہ وھی مشہور دیوار ھے جو چین اور تاتار یا سایتھیا (Scythia) کی سرحد پر بنائی گئی ھے اور جس کو چی وانگ تی (Che-hwang-te) فغفور چین نے درمیان سنہ ۲۴۰ و ۲۳۵ قبل مسیح میں بنایا تھا - (سید احمد)

یہ دیوار پہاڑی ملک میں پتھروں کی چٹانوں سے بنائی گئی اور پتھروں کی چٹانوں کے مضبوط کرنے اور ایک کو دوسرے سے جوڑنے کو لوھے منگائے - چٹانوں کو برابر رکھہ کر ان کے سروں کے پاس سوراخ کئے گئے اور ان میں لوھے کے

پاؤں لگائے گئے تاکہ سب جڑ جائیں اور نکالنے سے نہ نکلیں اور لوھے کے پاؤں کو جس کا ایک سرا ایک چٹان کے چھید میں اور دوسرا سرا دوسرے چٹان کے چھید میں رکھا آگ سے لال کر کے ان چھیدوں میں لگائے اور پگھلا تانبا یا پیتل ان چھیدوں میں ڈال دیئے تاکہ پاؤں کے سرے چھیدوں میں جم جائیں اور پتھر نکلنے نہ پائیں اور کسی طرح بغیر دیوار کے منہدم کئے نہ دیوار میں چھید ھوسکے اور نہ کوئی پتھر ٹل سکے -

یہ دیوار ھوانگ ھو (Huang-ho) دریا کی غربی موڑ سے جو ایک پہاڑ کے قریب ۳۷ درجہ ۱۵ دقیقہ عرض بلد اور ۱۰۷ درجہ طول بلد پر واقع ھے بنانی شروع ھوئی اور پھر اس دریا کے دوسرے موڑ کو قریباً ۴۳ درجہ عرض بلد اور ۱۱۱ درجہ طول بلد پر کاٹ کر اور خنجان پہاڑوں کے جنوبی سلسلہ کے نیچے ھوکر خلیج لیاؤتنگ (Liau-Tung) کے کنارہ پر ٹھیک ۴۰ درجہ عرض بلد اور ۱۲۰ درجہ طول بلد پر ختم ھوئی ھے - طول اِس دیوار کا ۱۵۰۰ یا ۱۲۰۰ میل ھے - اونچائی ۳۰ گز اور اس قدر چوڑی کہ چھہ سوار پہلو بہ پہلو فراغت سے اس پر گھوڑے دوڑا سکتے ھیں - سو سو قدم پر دو منزلہ اور سہ منزلہ برج بنے ھیں آٹھہ سو کوس تک جو کچھہ موانع سامنے آئے سب کو

دفع کرتی ہوئی یہ دیوار اپنی منزل مقصود
تک پہنچی ہے - اور کئی مقام پر آدھہ آدھہ
کوس اونچے پہاڑوں کی چوٹی پرسے یہ دیوار
کھنچی ہے اور بعض جگہ بڑے بڑے دریا پر
پلوں کے اوپر سے ہوکر یہ گئی ہے اور زیادہ تعلف
یہ کہ سمندر کے بیچ سے شروع اس طرح پر ہوئی
ہے کہ صدھا جہاز پتھروں سے لدے ہوئے ڈبائے گئے
اور اس پر اس کی بنیاد قائم ہوئی - (دیکھو
ذوالقرنین تحت قرن)

سر

(۱) چھپانا - (۲) ظاہر کرنا -

و لو ان لکل نفس ظلمت ما فی الارض
لافتدت بہ - واسرالندامۃ لما راوالعذاب
[س ۱۰ : ۵۴

سرب

سرب چلنا -

فاتخذ سبیلہ فی البحر سربا [س ۱۸ : ۶۱
= سرب فی البحر سربا وہ (مچھلی)
سمندر میں چلی گئی - (رازی)

سردق

سرادق (جمع) فارسی سے معرب ہے - اس کی اصل
سراپردہ ہے - اس کے معنی گھر کے آگے بڑے ہوئے

پردہ کے ہین - قرآن مجید مین اس کے معنی لواور اپٹ کے آئے ہین -

انا اعتدنا للظالمین نارا احاط بهم سرادقها [س ۱۸ : ۲۹

سرق

استرق السمع [س ۱۵ : ۱۸
= خطف الخطفة (س ۳۷ : ۱۰)
(دیکھو تحت خطف)

سعر

سعیر (۱) آگ اور اس کی سوزش -
(۲) پاگلپنا - بیوقوفی -

فقالوا ابشرا منا واحدا نتبعه انا اذا لفی ضلال وسعر [س ۵۴ : ۲۴

سفح

مسافحات کہلے خزانے بدکاری کرنے والی عورتین -
مسافحین کہلے خزانے بدکاری کرنے والے مرد -

فانکحو هن باذن اهلهن - - -
محصنات غیر مسافحات ولامتخذات اخدان [س ۴ : ۲۵

- - - ذالکم ان تبتغوا باموالکم محسنین غیر مسافحین [س ۴ : ۲۴

سفر

سفرة پڑھنےوالے - (نبطي لغت)

كلا انها تذكرة فمن شاء ذكره - في صحف
مكرمة مرفوعة مطهرة بايدي سفرة كرام
بررة [س ۸۰ : ۱۱ - ۱۶

= هم اصحاب رسول الله صلي الله عليه
وسلم وقيل هم القراء (رازي)

اسفاراً كتابين - (كلدانيكي لغت)

مثل الذين حملوا التورية ثم لم يحملوها
كمثل الحمار يحمل اسفارا [س ۶۲ : ۵

سكر

(غريب القرآن ص ۵۷)

سكراً سركه (حبش کی لغت)

ومن ثمرات النخيل والاعناب تتخذون
منه سكرا ورزقا حسنا [س ۱۶ : ۶۷

سكن

(غريب القرآن ص ۵۷)

سكن اليه (۲) اُس نےاُس پر بھروسہ کیا - اُس نےاُس
سے اطمینان حاصل کیا - [س ۳۰ : ۲۱

سلق

سلقوكم = استقبلوكم وہ تمہارا استقبال کرتے
ہیں - (ابن عباس)

فاذا ذهب الخوف سلقوكم بالسنة حدادا
شحة على الخير [س ۳۳ : ۱۹

سما (غریب القرآن ص ۵۹)

سماء (۱) (الف) اُوپر۔ اُونچائی - چھت -

من کان یظن ان لن ینصره الله فی الدنیا والاخرۃ فلیمدد بسبب الی السماء ثم لیقطع [س ۲۲ : ۱۵

(۴) = کسفا من السماء آسمانی عذاب -

وقالوا لن نؤمن لک حتیٰ - - - - - - تسقط السماء کما زعمت علینا کسفا - - - [س ۱۷ : ۹۰ و ۹۲

= فاسقط علینا کسفا من السماء ان کنت من الصادقین (س ۲۶ : ۱۷۶

اِسم (غریب القرآن ص ۵۹)

والاسم باعتبار الاشتقاق ما یکون علامۃ لشئی ودلیلا یرفعه الی الذھن من الالفاظ والصفات والافعال (بیضاوی)

اسماء کلھا جو قویٰ انسان میں پیدا کئے ھیں اور جن کے سبب اس کا ذھن ایک نشان یا دلیل سے دوسری طرف منتقل ھوتا ھے اور نتیجہ پیدا کرتا ھے اس کو اسماء کے لفظ سے بیان کیا ھے - اور جوکہ یہ قویٰ ایسے تھے جن سے انسان تمام چیزوں محسوسات و معقولات کو جان سکتا ھے اسی لئے کلھا کے لفظ سے اس کی تاکید کی ھے جس سے اس بات کا اشارہ ھے کہ تمام چیزوں کے جاننے کا مادہ انسان میں ودیعت کیا گیا ھے -

ان قوی کو جو اسماء کے لفظ سے تعبیر کیا ھے اس میں بڑا دقیقہ یہ ھے کہ انسان کسی چیز کی حقیقت و ماھیت کو نہیں جانتا - جو کچھہ وہ جانتا ھے وہ صرف اسماء ھي اسماء ھیں - پس علم ادم الاسماء کلہا کہنا بالکل انسان کي فطرت کے مطابق اوراس کے بیان کے نہایت ھی مناسب ھے - (سید احمد)

ھر شئی کا علم بالقوۃ جو انسان کی فطرت میں ھے اسي کو علم ادم الاسماء کلہا سے تعبیر کیا ھے - فاعلم ان اللہ جل اسمہ اوجد فی آدم ما یحتاج الیہ من کون خلقہ علی ما ھو علیہ من القوۃ الناطقۃ وھداھا بنور العقل واشھدہ بذالک النور ما یجب لکل مسمی من اسم و قد علمت ان کل منطوق بہ اسم فعلمہ علی الا جھل معہ وھذا العلم فی جبلۃ ذریتہ موجود لا یزول فھو علم کل شئی بالقوۃ وکانہ بزر اذا جیدت فلاحۃ صار کل شئي بالفعل علم الانسان مالم یعلم نظھر من ھذا العلم فی کل زمن و قوم یحسب ما اراد اللہ (تفسیر کشف الاسرار)

سر

السامري ایک مصری جو حضرت موسیٰ پر ایمان لایا تھا اوران کے ساتھہ مصر سے ھجرت کی تھی حالانکہ بعد کو مرتد ھوگیا - (ابن عباس)

] س ۲۰ : ۹۶

سمع

واسمع غیر مسمع [س ۴ : ۴۲
= یقولون اسمع لا سمعت کفار کہتے تھے
کہ سن - خدا کرے تو نہ سنے - تو بہرا
ہو جائے - (ابن عباس)

سندس

سندس باریک ریشمی کپڑا - (فارسي سے معرب)

عالیهم ثیاب سندس خضر و استبرق
[س ۷۶ : ۲۱

سوی

(غریب القرآن ص ۱۱)
استوي = بلغ اشده وہ اپني پوری طاقت کو
پہنچا - وہ کمال کو پہنچا -

فاستوي وھو بالافق الاعلي [س ۵۳ : ۶ و ۷
سواء = وسط بیچ (ابن عباس)

خذوہ فاعتلوہ الي سواء الجحیم [س ۴۴ : ۴۷

ساوی بین الصدفین دونوں پہاڑوں کے درمیان دیوار
کی بنیاد برابر کي - کیونکہ بنیاد کو برابر
کرکے اس پر پردہ لگایا جاتا ھے - صاف مطلب یہ
ہؤا کہ اس نے دونوں پہاڑوں کے درمیان دیوار کو
برابر یعني موافق محاورہ عمارت لیول
(level) میں یعني پنسال میں کیا -
[س ۱۸ : ۹۶

شاء

من یشاء جس کو وہ (خدا) بمقتضائے عدل چاہے -

یهدی من یشاء [س ۲ : ۱۴۲
= یهدي به الله من اتبع رضوانه
(س ۵ : ۱۶)
= ویهدي الیه من ینیب (س ۴۲ : ۱۳)

ان الله یضل من یشاء [س ۱۳ : ۲۷
= یضل الله من هو مسرف مرتاب
(س ۴۰ : ۳۴)
= ویضل الله الظالمین (س ۱۴ : ۲۷)
= یضل الله الکافرین (س ۴۰ : ۷۴)
= وما یضل به الا الفاسقین (س ۲ : ۲۱)
= وما کان الله لیضل قوما بعد اذ هدیهم
حتي یبین لهم ما یتقون (س ۹ : ۱۱۵)

شجر

هذه الشجرة [س ۲ : ۳۵
= شجرة الخلد و ملک لا یبلی
(س ۲۰ : ۱۲۰)

شد

اشداء جمع (واحد شدید) مستحکم - مضبوط -
قوي - شجاع - (قاموس)

محمد رسول الله - و الذین معه اشداء
علی الکفار رحماء بینهم - - [س ۴۸ : ۲۹

شرب

اشربوا فی قلوبهم العجل [س ۲ : ۹۳
ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت پلادی
گئی تھی یعنی پیوست کر گئی تھی -

شرع

شرعة و منهاجا = سبیلة و سنة

شرک

شرک فی الاموال والاولاد لوگوں کے مال اور اولاد میں
حصہ لینا - لوگوں کو گمراہ کرکے ان سے برے
کاموں میں مال صرف کرانا اور ان کے ذریعہ سے
ان کی اولاد کو بھی برے کاموں میں لگا رکھنا -
لوگوں کو بہکا کر ان سے مال خرچ کرانا اور ان کے
لڑکوں اور لڑکیوں کو اپنے بھینٹ چڑھواتا -

و استفزز من استطعت منهم بصوتک
و اجلب علیهم بخیلک و رجلک و شارکهم
فی الاموال والاولاد وعدهم - و مایعدهم
الشیطان الاغرورا [س ۱۷ : ۶۴

شطن

(غریب القرآن ص ۹۲)
شیطان (۳) (الف) کاهن - نجومی - (رازی)
انا زینا السماء الدنیا بزینة الکواکب

وحفظا من كل شيطان مارد [س ۳۷ : ۶ و ۷
و لقد زينا السماء الدنيا بمصابيح و
جعلناها رجوما للشياطين واعتدنا لهم
عذاب السعير [س ۶۷ : ۵
(۸) مخالف اور دشمن خواہ وہ حقیقی وجود
ہو جیسے آدمی یا حیوان خواہ کوئی ذہنی
بات ہو جیسے کوئی تکلیف ۔
كل عات متمرد من الجن والانس والدواب
فهو شيطان ۔ (صراح و قاموس)

شعر

شعائر جمع (واحد شعيرة)
لا تحلوا شعائر الله - - - [س ۵ : ۲

شغف

شغفها = غلبها اس پر غلبہ کر لیا ۔ (ابن عباس)
قد شغفها حبا [س ۱۲ : ۳۰

شفع

شفاعة كسی کے ساتھ شریک ہونا اور اس کی امداد کرنا ۔ (راغب)
من يشفع شفاعة حسنة يكن له نصيب
منها ۔ ومن يشفع شفاعة سيئة يكن له

كنتل منها] س ۴ : ۸۵

شكل

شاكلة طور طريقه - طبيعت كا ميلان - (لسان العرب) - سجيه يعني طبيعت - (راغب)- خلقت اور ملكه جو انسان كے مقام اور مرتبه كے موافق اس پر غالب هوتا هے -
اي خليقته وملكته الغالبةعليه من مقامه (ابن العربي) - وه طريقه جس پر انسان مجبول هے - طريقته التي جبل عليها (فراء)

قل كل يعمل علي شاكلته] س ۱۷ : ۸۴

شمز

اشمازت نفرت كرتي هے - (ابن عباس)

واذا ذكرالله وحده اشمازت قلوب الذين لايومنون بالاخرة] س ۳۹ : ۴۵

شنا

شانئك = عدوك تيرا دشمن (ابن عباس)

ان شانئك هو الابتر] س ۱۰۸ : ۳

شهب

شهاب وه آتشين شعله جو كائنات الجو ميں اسباب طبعي سے پيدا هوتا هے اور جو كسي جهت ميں

دور تک چلاجاتا ھے اور جس کو اردو میں تارہ
ٹوٹنا بولتے ھیں - عرب جاھلیت میں اس
سے بدفالی اور کسی حادثہ عظیم کے واقع ھونے
کا یقین کرتے تھے -

شھد

مشھود حضور قلب کا وقت -

ان قرآن الفجر کان مشھودا [س ۱۷ : ۷۸

شاھد = حاکم فیصلہ کرنے والا -

وشھد شاھد من اھلھا ان کان قمیصہ قد من
قبل فصدقت وھو من الکذبین - - -
[س ۱۲ : ۲۶

= حکم حاکم (ابن عباس)

شھید (۱) قوم کا نبی -

فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشھید و
جئنا بک علی ھوءلاء شھیدا [س ۴ : ۴۱

(۲) ساتھی - سردار - فیصلہ کرنے والا -

- - - فاتوا بسورۃ من مثلہ - وادعوا
شھداءکم من دون اللہ ان کنتم صادقین
[س ۲ : ۲۳

صاب

حیث اصاب جدھر کا ارادہ کیا - (عمان کی لغت)

فسخرنا له الريح تجري بامره رخاء حيث اصاب [س ۳۸ : ۳۶

صاح

صيحة (۱) آتشفشاں پہاڑ کے آس پاس آتشفشاني سے پہلے جو گڑگڑاہٹ کي آواز ہوتي ہے -

انا ارسلنا عليهم صيحة واحدة فكانوا كهشيم المحتظر [س ۵۴ : ۳۱

= فاخذتهم الرجفة فاصبحوا في دارهم جاثمين (س ۷ : ۷۸)

= فتلك بيوتهم خاوية بما ظلموا (س ۲۷ : ۵۲)

(۲) عذاب ناگہانی -

ان كانت الا صيحة واحدة فاذا هم خامدون [س ۳۶ : ۲۹

صاع

صواع چاے یا دودھ پینے کی چینی کی چھوٹي پیالی - (لغت حمیر)

قالوا نفقد صواع الملك [س ۱۲ : ۷۲

صبغ

صبغة بپتسمه

صبغۃ اللہ - و من احسن من اللہ صبغۃ
[س ۲ : ۱۳۸

صحب

صاحب (جمع اصحاب) ساتھي -

اصحاب الفیل یمن کا مسیحي بادشاہ ابرہۃ الاشرم محض جبر اً عربوں کو دین مسیحي میں لانا چاھتا تھا - اس نے اسي غرض سے خانۂ کعبہ پر (جو ان دنوں بتخانہ تھا اور جس کي زیارت کے لئے دور دور سے عرب آیا کرتے تھے) چڑھائي کي اور اس کو منہدم کرنا چاھا کہ بت پرست عربوں کا نیر تھہ برباد ھو جاے - وہ اپنے ساتھہ بڑا لشکر لایا جس میں ھاتھي بھي تھے - مگر خدا کو ظلم پسند نہیں چنانچہ اس کے مکہ پہنچتے ھي اس کي فوج میں چیچک پھیل گئي اور سارا لشکر دیکھتے ھي دیکھتے تباہ ھو گیا - یہ واقعہ آنجناب کي پیدائش سے بیس روز پہلے کا ھے -
[س ۱۰۵

اصحاب الاخدود ان کا ذکر عہد عتیق کي کتاب دانی ایل (دانیال) باب ۳ میں آیا ھے - (بغوی) مختصر قصہ یوں ھے کہ بخت نصر یہودیوں پر بڑا ظلم کرتا تھا یہاں تک کہ اس نے دورہ نام ایک بستي میں ایک سونے کي مورت بنواکر رکھا دي اور اعلان کر دیا کہ خاص خاص وقت پر ھر خاص و عام اس کي پرستش کرے ورنہ زندہ

جلادیا جائے گا - تین یہودیوں نے جو اس کے
ہاں ملازم بھی تھے اس بت پرستی سے انکار کیا -
چنانچہ وہ آگ کی خندق میں ڈالے گئے مگر
خدا کی شان سے وہ کسی طرح بچ نکلے اور ان کو
آگ میں گرفتار کرنے والے ہی آگ میں گرکر
خاک ہوے - [س ۸۵ : ۴

اصحاب الایکہ اہل مدین جن میں شعیب مبعوث
ہوئے تھے - [س ۱۵ : ۷۸

اصحاب الحجر قوم ثمود [س ۱۵ : ۸۰

اصحاب الکہف والرقیم یہ چند عیسائی نوجوان
تھے کہ ایک بت پرست بادشاہ (Decius
نامی) کے ظلم سے بھاگ کر ایک پہاڑ کی کھوہ
میں جا چھپے تھے - اور کچھہ روز اس کھوہ
میں رہنے کے بعد اسی میں بند کردیئے گئے اور
جاں بحق ہوے - اس کے کئی سو برس بعد
کھوہ کا منھہ جو بند کیا گیا تھا اتفاقاً کھل گیا
اور اس کھوہ میں ان کی لاشیں جو صرف ہڈیاں
باقی تھیں دکھائی دیں - اس وقت لوگوں نے
ان کی زیارت کی اور آپس میں مشورہ کے بعد طے
پایا کہ ان کے اوپر ایک مقبرہ بنائیں - آخرکار
ان کے علماء (پادریوں) نے ایک عبادتخانہ
(Chapel) بنانے کی تجویز کی - ان کی
ہڈیاں پتھر کے ایک بڑے صندوق میں بند کرکے
مارسیلز (Marseilles) کو بھیجی گئیں
اور اب بھی سینٹ وکٹر (St. Victor) کے

گرجے میں موجود ہیں -

اصحاب النار (۱) دوزخ والے - دوزخی -

(۲) داروغہ دوزخ -

وماجعلنا اصحاب النار الا ملائکۃ [س ۷۴ : ۳۱

صد

صدید نہایت کھولتا ہوا - (لسان العرب - تاج العروس)

من ورائہ جھنم ویسقی من ماء صدید

[س ۱۴ : ۱۶

= وسقوا ماء حمیما فقطع امعاءھم

(س ۴۷ : ۱۵)

صدع

صدع (۱) شق کرنا - فرق کرنا - جدا کرنا -

یومئذ یصدعون [س ۳۰ : ۴۳

= یتفرقون (ابن عباس)

(۲) ظاہر کرنا -

فاصدع بما تؤمر [س ۱۵ : ۹۴

(۳) پاؤں کی رگڑ سے زمین میں راستہ پیدا کرنا -

ذات الصدع چل کر راستہ بنانے والی (کرۂ زمین)

والارض ذات الصدع [س ۸۶ : ۱۲

[جب زمین کو آفتاب اپنے گرداگرد چکر لگاتے

ہوئے کھینچتا ہے اور زمین اُس کی کشش سے
کھنچ آتی ہے تو فضا میں اُس کی آمد و رفت
اور گردش کے لئے ایک راستہ بن جاتا ہے -]

صدق

صدق (۱) سچ -
(۲) = صواب ٹھیک - (رازي)
(۳) سعادت -

وبشر الذین امنوا ان لھم قدم صدق عند ربھم
[س ۱۰ : ۲
= سبق لھم السعادۃ فی الذکر الاول (ابن
عباس)

صعد

الصعود فی السماء آسمان پر چڑھ جانا - مزاج
آسمان پر ہونا - تکبر کرنا -

فمن یرد اللہ ان یھدیہ یشرح صدرہ للاسلام -
و من یرد ان یضلہ یجعل صدرہ ضیقا حرجا
کانما یصعد فی السماء [س ۶ : ۱۲۶

صعق

صاعقۃ (۱) بجلی کی کڑک - زوروں کی آواز جیسے
آتشفشانی کے وقت کسی آتشین پہاڑ کی -

اخذتکم الصاعقۃ [س ۲ : ۵۵
(۲) = رجفۃ
(۳) مہلک سزا - عذاب -

(۴) غشی طاری ہونا۔

فلما تجلی ربه للجبل جعله دکا و خر
موسی صعقا [س ۷ : ۱۴۳

صفا

صفا پاک صاف کرنا یا رکھنا۔

ولقد اصطفینٰه فی الدنیا [س ۲ : ۱۳۰

صلا

صلوٰۃ (۱) نماز۔

فصل لربک وانحر [س ۱۰۸ . ۳

(۲) دعا۔

ان الله و ملائکته یصلون علی النبی۔
یا ایها الذین امنوا صلوا علیه وسلموا
تسلیما [س ۳۳ : ۵۶

(۳) دین۔ مذہب۔ پرہیزگاری۔

قالوا یا شعیب اصلوتک تامرک ان نترک
مایعبد آباؤنا [س ۱۱ : ۸۷

صلوات (جمع) (۱) نمازیں۔

حٰفظوا علی الصلوٰت والصلوٰۃ الوسطی
[س ۲ : ۲۳۸

(۲) دعائیں۔

وصل علیهم۔ ان صلوتک سکن لهم
[س ۹ : ۱۰۳

(۳) رحمتیں - برکتیں -

اولئک علیھم صلوٰۃ من ربھم ورحمۃ

[س ۲ : ۱۵۷

(۴) یہودیوں کے عبادت خانے -

و لولا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض
لھدمت صوامع و بیع و صلوات و مساجد
یذکر فیھا اسم اللہ کثیرا [س ۲۲ : ۴۰

صلب

من بین الصلب والترائب مرد کے صلب (پیٹھ) اور
عورت کے ترائبہ (سینہ) کے مس ہونے سے -
مرد اور عورت کے اکٹھے ہونے سے -

فلینظر الانسان مم خلق - خلق من ماء
دافق یخرج من بین الصلب والترائب
[س ۸۶ : ۵ - ۷

صم

صم (۱) وہ بہرا پن جو ایمان کی بات سننے میں
عارض ہو -

صم بکم عمی فھم لا یرجعون [س ۲ : ۱۸

(۲) بہرا پن محض -

صنو

صنوان = مجتمع اکٹھا - (ابن عباس)

وزروع ونخیل صنوان وغیر صنوان [س ۱۳ : ۴

ضاز

ضیزی حیرت انگیز - تعجب خیز (ابن عباس)

تلک اذا قسمة ضيزي [س ۵۳ : ۲۲

ضر

اولی الضرر = العذر جو معذور ہیں - (ابن عباس)

لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر والمجاهدون فی سبیل الله باموالهم وانفسهم [س ۴ : ۹۵

ضل

ضلال (۱) بہک جانا - بھٹک جانا -
(۲) غلطی کرنا -
(۳) مخبوط ہونا -
(۴) گھبرا جانا اور راہ نہ پانا - (رازی)

قال فعلتها اذا وانا من الضالين
[س ۲۶ : ۲۰
(۵) = خذلان چھوڑ دینا - (زمخشری)

اضلال (۱) گمراہ کرنا -
(۲) ہلاک کرنا - (تاج العروس)
(۳) ضایع کرنا - (جوہری)

الذين كفروا وصدوا عن سبيل الله اضل اعمالهم [س ۴۷ : ۱

ضلالۃ (۱) = عقوبۃ الضلالۃ گمراہی کی سزا ۔ (راغب)

ضال (۱) گمراہ ۔
(۲) = غافل (ابن عباس)

ووجدک ضالا فھدیٰ [س ۹۳ : ۷
= ما کنت تدری ما الکتاب ولا الایمان و لکن جعلناہ نورا نھدی بہ من نشاء من عبادنا [س ۴۲ ۔ ۵۲

ضھي

یضاھئون = یشبھون نقل کرتے ھیں ۔ (ابن عباس)

یضاھئون قول الذین کفروا من قبل [س ۹ : ۳۰

طاب

طوبیٰ جنت (حبش کی لغت)

الذین امنوا وعملوا الصالحات طوبیٰ لھم وحسن ماب [س ۱۳ : ۲۹

طیبات مزےدار خوشگوار غیر مضر چیزیں ۔
ان الطیب فی اصل اللغۃ عبارۃ عن المستلذ المستطاب (رازی)

کلوا من طیبات ما رزقناکم [س ۲ : ۱۷۲

طاع

یستطیع (۱) وہ استطاعت نہیں رکھتا - نہیں کرسکتا - [س ۲ : ۲۸۲

(۲) = یطیع وہ راضی ہوگا - وہ خواہش پوری کرے گا - (راغب)

اذقال الحواریون یا عیسی ابن مریم هل یستطیع ربک ان ینزل علینا مائدہ من السماء [س ۵ : ۱۱۲

طاف

طائف (۱) = اللمة وسوسہ (ثقیف کی لغت - ابن عباس)

ان الذین اتقوا اذا مسهم طائف من الشیطان تذکروا فاذا هم مبصرون [س ۷ : ۲۰۱

(۲) غضب -

فطاف علیها طائف من ربک وهم نائمون [س ۶۸ : ۱۹

طال

طولاً = سعة (بخاری)

و من لم یستطع منکم طولا ان ینکح المحصنات المؤمنات - - - [س ۴ ۲۵

الطول = السعة، الغنی کشادگی اور بے نیازی ۔
(ابن عباس)

غافر الذنب وقابل التوب شدید العقاب
ذی الطول [س ۴۰ : ۳

طبع

طبع مہر کرنا ۔ بند کرنا ۔

فبما نقضهم میثاقهم وکفرهم بآیات الله
و قتلهم الانبیاء بغیر حق و قولهم قلوبنا
غلف بل طبع الله علیها بکفرهم - - -
[س ۴ : ۱۵۵

طبع علی قلوبهم اس نے ان کے دلوں پر مہر کر دیا ۔
اس نے ان کو بند کر دیا ۔ ان کے دل کام نہیں دے
سکتے ۔

من شرح بالکفر صدرا فعلیهم غضب من
الله - - - ذالک بانهم استحبوا
الحیات الدنیا علی الاخرة - - -
اولئک الذین طبع الله علی قلوبهم و
سمعهم وابصارهم - اولئک هم الغافلون
[س ۱۶ : ۱۰۶ - ۱۰۸

- - - وطبع الله علی قلوبهم فهم
لایفقهون [س ۶۳ : ۳
- - - وطبع الله علی قلوبهم فهم لایعلمون
[س ۹ : ۹۳

- - - و نطبع علي قلوبهم فهم لا يسمعون [س ۷ : ۱۰۰

- - - كذالك يطبع الله علي قلوب الكافرين [س ۷ : ۱۰۱

- - - كذالك نطبع على قلوب المعتدين [س ۱۰ : ۷۴

- - - كذالك يطبع الله على قلوب الذين لايعلمون [س ۳۰ : ۵۹

- - - كذالك يطبع الله على كل قلب متكبر جبار [س ۴۰ : ۳۵

طبق

طبقا عن طبق درجه بدرجه - زينه بزينه -

لتركبن طبقا عن طبق [س ۸۴ : ۱۹

از جمادی مردم و نامی شدم
وز نما مردم بحیوان سرزدم
مردم از حیوانی و آدم شدم
پس چه ترسم کے ز مردن کم شدم
حملهٔ دیگر بمیرم از بشر
تا بر آرم از ملائک بال و پر
بار دیگر از ملک قربان شوم
آنچه اندر وهم نآید آن شوم

بس عدم گردم عدم چون ارغنون
گویدم کانا الیہ راجعون
(مولینا روم)

طرف

(غریب القرآن ص ۷۲)
(۳) حصہ - (راغب)

و ما النصر الامن عند اللہ العزیز الحکیم
لیقطع طرفا من الذین کفروا - - -
[س ۳ : ۱۲۶

طرق

طرائق (۱) طریقے - راستے -
(۲) مذاہب -

کنا طرائق قددا [س ۷۲ : ۱۱
سبع طرائق (طرف سے مطروف) سات کواکب -

و لقد خلقنا فوقکم سبع طرائق [س ۲۳ : ۱۷

طغي

تطغوا = تظلموا ظلم کرو (ابن عباس)

و وضع المیزان الا تطغوا فی المیزان
[س ۵۵ : ۸

طفق

طفق (۱) شروع کرنا -

فطفق مسحا بالسوق والاعناق [س ۳۸ : ۳۳
(۲) ارادہ کرنا ۔ (رومی لغت)

فلما ذاقا الشجرة بدت لهما سواتهما و
طفقا یخصفان علیهما من ورق الجنة
[س ۷ : ۲۲

طمس (غریب القرآن ص ۷۳)

طمس (۳) دھواں دھار کردینا ۔ آتشین پہاڑون کا اور زمین کی گندھک و نفط میں آتش پیدا کرکے آنکھوں کا بیکار کردینا ۔ جیسا کہ اُن پہاڑوں کی آتشفشانی کے وقت ھوا کرتا ھے ۔

و لقد راودوه عن ضيفه فطمسنا اعینهم
فذوقوا عذابی و نذر [س ۵۴ : ۳۷

طود

طود (۱) پہاڑ ۔ (۲) اونچی زمین ۔
(۳) کسی اونچی چیز کو بھی طود کہتے ھیں یہانتک کہ اونٹ کی پیٹھ کی اونچائی کو بھی ۔

فانفلق فكان كل فرق كالطود العظيم
[س ۲۶ : ۶۳

طوی

کطی السجل للکتب = کطی الصحیفة علی الکتاب

جس طرح کتاب پر ورق لپیٹا جاتا ھے - (ابن عباس) [س ۲۱ : ۱۰۴

ظفر

ذی ظفر = اونٹ یا اونٹ اور شطرمرغ (ابن عباس)

وعلی الذین ھادوا حرمنا کل ذی ظفر [س ۶ . ۱۴۷

ظل

(غریب القرآن ص ۷۴)

ظلت = آقامت تو قائم رھا - (ابن عباس)

وانظر الی الھک الذی ظلت علیہ عاکفا [س ۲۰ : ۹۷

ظلة (۱) سایہ - الظلة کل ما اظلک من سقف بیت او سحابة او جناح حائطة ظلة ھر اُس چیز کو کہتے ھیں جو سایہ دالے گھر کی چھت ھو یا ابر یا احاطہ کا بازو یعنی دیوار (رازی)

واذ نتقنا الجبل فوقھم کانہ ظلة و ظنوا انہ واقع بھم [س ۷ : ۱۷۱

(۲) مصدر جو اوپر سے آن پڑے - جو انسان کو ڈھانک لے - جس کے آگے اس کو اور کچھ نہ دکھائی دے -

فکذبوہ فاخذھم عذاب یوم الظلة [س ۲۶ . ۱۸۹

ظلم

ظلمات (۱) رات کی تاریکی -
(۲) گمراهی - کفر -

و لقد ارسلنا موسیٰ بآیاتنا ان اخرج قومک من الظلمات الی النور [س ١٤ : ٥

(۳) مصائب - تکلیف -

و ذا النون اذ ذهب مغاضبا فظن ان لن نقدر علیه فنادی في الظلمات - - -
[س ٢١ : ٨٧

ظلموا بها = کفروا ان سے کفر کئے - ان کی تکذیب کي - ان کو نه مانا - (تاج العروس)

فاولئک الذين خسروا انفسهم بما کانوا بآیاتنا یظلمون [س ٧ : ٩

ظهر

الا ما ظهر منها = الا ما جرت العادة والجبلة علي ظهوره (زمخشري) یعني جس کے ظاهر کرنے کا عادة اور فطرة دستور هے - رازي قفال کا قول یوں نقل کرتے هیں الا ما یظهره الانسان في عادة الجارية وذالک فی النساء الوجه والکفان یعني جسم کا وه حصه جو انسان موافق رواج کے ظاهر کرتا هے - اور (عرب میں) عورتوں کے لئے یه حصه ان کے منهه اور دونوں هاتهه هیں -

بطاھر من القول محض جھوٹ کو - (اردشدؤوکی لغت)

ام تنبئونہ بما لا یعلم فی الارض ام بظاھر من القول [س ۱۳ ۳۳

عاد

معاد (۱) ٹھکانا - (۲) کمال - کامیابی -

ان الذین فرض علیک القرآن لرادک الی معاد [س ۲۸ ۸۵

عان

عین القطر تانبا - (ابن عباس)

واسلنا لہ عین القطر [س ۳۴ ۱۲

عثر

عثر مطلع ھونا -

فان عثر علی انھما استحقا اثما فاخران یقومان مقامھما من الذین استحق علیھم الاولیان فیقسمان باللہ - - - [س ۵ : ۱۰۷

عجز

عجوز شبہہ بڑھیا عورت - جوان عورت پر بھی اس کا اطلاق ھوتا ہے - والعجوز - - -

الصد اشارہ کا ست او شیخہ (قاموس)

فنجیناہ و اھلہ اجمعین الا عجوزا فی الغابرین [س ۲۶ . ۱۷۰ و ۱۷۱

عد

عددہ اس نے اس کو آئندہ کے لئے سامان بنایا - (رازی)

- - - الذی جمع مالا وعددہ
[س ۱۰۴ : ۲

نعداھم عدا = انفاسھم التی یتنفسون فی الدنیا تھیجھم جو سانس وہ دنیا میں لیتے ھیں ھم ان کا بھی شمار رکھتے ھیں - (ابن عباس)

فلا تعجل علیھم - انما نعد لھم عدا
[س ۱۹ : ۸۴

= لقد احصیھم وعدھم عدا (س ۱۹ ۹۴)

عدن

عدن انگور کی ٹٹیاں اور انگور کے خوشے - (سریانی زبان کی لغت) -

جنات عدن تجری من تحتھا الانھار خالدین فیھا [س ۲۲ . ۸۶

عذب

العذاب الادنی فوری سزا - فوری مؤاخذہ -

و لنذيقنهم من العذاب الادنى دون
العذاب الاكبر لعلهم يرجعون [س ۳۲ : ۲۱

عرب

أعراب جمع (واحد اعرابي) بدوي ع ، -
۹۹ . ۹

عرب (بالضمه) جمع واحد { عروب (مؤنث) پيار كرنے والي عورت - عريب (مذكر) پاكباز مرد -

عربا اترابا [س ۵٦ : ۳۷

عرج

ذي المعارج = العلو و الفواضل برتر اور بلند
(ابن عباس)

ليس له دافع من الله ذي المعارج
[س ۷۰ : ۲ و ۳

عرش

(غريب القرآن ص ۷٦)
عرش و كني به عن العز و السلطان و المملكة
(راغب)

عرض

عرض عارضي چيزيں -

تریدون عرض الدنیا [س ۸ : ۶۷

عرف

بالعرف = بالمعروف اچھی باتیں ۔ (ابن عباس)

وامر بالعرف واعرض عن الجاهلین
[س ۷ : ۱۹۹

عرم

العرم = المسناة وہ بند جو بارش کا پانی پہاڑ کی گھاٹیوں میں روکنے کے لئے بنائے جاتے ھیں اور پھر ان کے پیچھے پانی جمع ھوکر آبشار کی طرح گرتا اور بالائی زمینوں کو سیراب کرتا ھے ۔
سیل العرم زوروں کا سیلاب ۔ (ابن عباس)

فارسلنا سیل العرم [س ۳۴ : ۱۶

عری

عراء ساحل ۔ کنارہ دریا ۔

فنبذناه بالعراء وهو سقیم [س ۳۷ : ۱۴۵
= بالساحل (ابن عباس)

عزم

عزموا الطلاق = حققوا الطلاق انھوں نے طلاق دے دی ۔ (هذیل کی لغت)

للذین یولون من نساءھم تربص اربعۃ
اشھر - فان فاء و فان اللہ غفور رحیم - وان
عزموا الطلاق فان اللہ سمیع علیم
[س ۲ : ۲۲۶ و ۲۲۷

عسعس

عسعس آدبر پیٹھ پھیری -

واللیل اذا عسعس [س ۸۱ : ۱۷

عسي

عسیٰ (فعل جامد ھے) قریب ھے - غالب ھے -

عضل

تعضلوھن — تقھروھن قھر کرو ان پر (ابن عباس)

- - - ولا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن
اذا تراضوا بینھم بالمعروف
[س ۲ : ۲۳۲

عطا

اعطیٰ کل شیٔ خلقہ ھر چیز کو ابدی مشیئت سے
ایک خاص طور پر بنایا - [س ۲۰ : ۵۰

عفا

عفا اللہ عنک یہ جملہ دعائیہ ھے - اس سے مقصد
مخصوص محبت کے ساتھ نصیحت کرتا ھے -

عفا اللہ عنک ـ لم اذنت لھم حتی
یتبین لک الذین صدقوا و تعلم الکاذبین
[س ۹ : ۴۳

العفو (۱) = الفضل ضرورت سے زاید مال ـ
(ابن عباس)

ویسئلونک ماذا ینفقون ـ قل العفو
[س ۲ : ۲۱۹

(۲) عفو ـ بخشش ـ

خذ العفو و امر بالمعروف و اعرض عن
الجاھلین [س ۷ : ۱۹۹

(۳) اپس میں احسان کرنا ـ

وان طلقتموھن من قبل ان تمسوھن وقد
فرضتم لھن فریضة فنصف مافرضتم الا ان
یعفون او یعفوا الذین بیدہ عقدة النکاح ـ
وان تعفوا اقرب للتقوی [س ۲ : ۲۳۷

عفو = کثروا وہ کثرت سے بڑھے ـ (ابن عباس)

ثم بدلنا مکان السیئة الحسنة حتی عفوا
[س ۷ : ۹۵

عفر

عفریت جنگلی قوموں میں سے (یعنی جنوں میں سے) جو حضرت سلیمان کے دربار میں تھے ایک شخص کا نام ــ اسم ارض و قلعة

بفلسطين واسم امراة والرجل الكامل ضابط
القرى - (قاموس)

عقد

العقود (۱) = ما احل الله وما حرم وما فرض وما
حد فى القرآن كله (ابن عباس)
خدا نے قرآن میں جو کچھ حلال حرام اور حد
مقرر کی ہے -
(۲) معاهدے - (بنی حنیفه کی لغت)
یاایها الذین امنوا اوفوا بالعقود [س ٥ : ۱

عقم

عقیم (۱) جس عورت کے ایک زمانه تک جو بہ
نسبت عام عادت کے زیادہ ہو اولاد نہیں ہوتی
اور جس کو لوگ بانجھ تصور کرنے لگتے
هیں -
وقالت عجوز عقیم [س ۵۱ : ۲۹
(۲) هلاک کرنے والا -
- - - حتى تاتيهم الساعة بغتة او
ياتيهم عذاب يوم عقيم [س ۲۲ : ۵۵
وفى عاد اذ ارسلنا عليهم الريح العقيم
[س ۵۱ : ۴۱

علق

كاله علقة - لاهي ايم ولاهي ذات زوج نه تو وه

شوھروالی ھی ھے اور نہ شوھر والی - (ابن عباس)

ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء ولو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروھا کالمعلقۃ [س ۴ : ۱۲۹

علم

عالمین (۱) دنیاجہان - (۲) تمام مخلوق -

الحمدللہ رب العالمین [س ۱ : ۱

(۳) قومیں -

یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم وانی فضلتکم علی العالمین [س ۲ : ۴۷

علم آدم انسان میں ان قوی کا مخلوق کرنا مراد ھے جن سے انسان تمام چیزوں کو جانتا اور سمجھتا اور خیال کرتا اور سوچتا اور نئی باتیں ظاھر کرتا اور چند باتوں کے ملانے سے ایک نتیجہ نکالتا ھے -

و المعنی انہ تعلی خلقہ من اجزاء مختلفۃ و قوی متباینۃ مستعد الا ادراک انواع المدر کان من المعقولات و المحسوسات و المتخیلات و الموھومات و الھمہ معرفۃ ذوات الاشیاء وخواصھا واسمائھا واصول العلم وقوانین الصناعۃ وکیفیۃ الاتھا (بیضاری)

علی

حرف جر هے
(۱) اوپر - (استعلاء حساً یا معنی)
(۲) = مع (مصاحبت)
واتی المال علی حبه [س ۲ : ۱۷۷
(۳) = من (ابتداء)
الذین اذا اکتالوا علی الناس یستوفون
[س ۸۳ : ۲
و الذین هم لفروجهم حافظون الا علی
ازواجهم - - - [س ۲۳ : ۵ و ۶
(۴) = لام تعلیلیه -
ولتکبروا الله علی ما هدیکم [س ۲ : ۱۸۵
(۵) = فی (ظرفیت)
و دخل المدینة علی حین غفلة من اهلها
[س ۲۸ : ۱۵
(۶) = ب (حرف با)
حقیق علی ان لا اقول علی الله الا الحق
[س ۷ : ۱۰۵
(۷) = ل (واسطے)
وصل علیهم [س ۹ : ۱۰۳
(۸) باوجودیکه -

ان ربک لذو مغفرة للناس علی ظلمهم
[س ۱۳ : ۶

علی شئي مطابق کسي چیز کے یا کسي اصول کے -

و قالت الیهود لیست النصاری علي
شئي و قالت النصاری لیست الیهود
علی شئي - وهم یتلون الکتاب
[س ۲ : ۱۱۳

عن

حرف جر ھے -
(۱) مجاوزة - تجاوز کرنا - حد سے بڑھنا -
فلیحذر الذین یخالفون عن امره
[س ۲۴ : ۶۳

(۲) بدال - عوض - بجائے -
واتقوا یوما لا تجزی نفس عن نفس شیئاً
[س ۲ : ۴۸

(۳) تعلیل - بوجه - بسبب (دیکھو
غریب القرآن ص ۷۹)

و ما کان استغفار ابراهیم لابیه الا عن موعدة
وعدها ایاه [س ۹ : ۱۱۴

ما نحن بتارکی الهتنا عن قولک
[س ۱۱ ۵۳

(۴) = علی

ومن یبخل فانما یبخل عن نفسه
[س ۴۷ : ۳۸

لترکبن طبقا عن طبق [س ۸۴ : ۱۹

(۵) = بعد -

یحرفون الکلم عن مواضعه [س ۵ : ۱۳
= من بعد مواضعه (س ۵ : ۴۱)

(۶) = من

وهو الذی یقبل التوبة عن عباده
[س ۴۲ : ۲۵
= فتقبل من احدهما (س ۵ : ۲۷)

عنت

العنت (۱) = إثم گناه - (هذیل کی لغت)
(۲) = الزنی زنا - (ابن عباس)

- - - ذلک لمن خشی العنت منکم
[س ۴ : ۲۵

عنت (۱) جھک جانا -

وعنت الوجوه للحی القیوم [س ۲۰ : ۱۱۱
(۲) گران گذرنا - ضیق میں پڑنا -

عند

ظرف مکان ہے اور حضور اور قرب دونوں موقعوں پر استعمال ہوتا ہے خواہ یہ امور حسی ہوں یا معنوی -

عندها جنة المأوى [س ۵۳ : ۱۵

قال الذی عنده علم من الکتاب
[س ۲۷ : ۴۰

عهد

عهد حکم دینا -

ولقد عهدنا الی آدم من قبل فنسی ولم
نجدله عزما [س ۲۰ . ۱۱۵

الم اعهد الیکم یابنی آدم ان لا تعبدوا
الشیطان انه لکم عدو مبین - و ان
اعبدونی - هذا صراط مستقیم
[س ۳۶ : ۶۰ و ۶۱ ۳۶

عهداً -- شہادۃان لاالٰہ الااللہ اس بات کی تصدیق
کہ خدا ایک ہے - (ابن عباس)

عہد اللہ اس کی قدرت کی نشانیاں جو دنیا میں اور
خود انسان میں ہیں اور جو عقل و تمیز
انسان میں بالواسطہ یا بلا واسطہ ان کے
سمجھنے کی موجود ہے اس کے خدا ہونے پر موثق
عہد ہے - - - خود انسان کی فطرت
اور جو قوائے متحرک اور قوت مانع یا معتدل
کرنے والی ان قوی کی اس میں رکھی ہے وہ
ٹھیک اس کے دین یا شریعت کے بجالانے کا جو
عین فطرت ہے پر عہد ہے - (سید احمد)

الذین ینقضون عہد اللہ من بعد میثاقہ
[س ۲ : ۲۷

غار

غیر (۱) مجرد نفی کے لئے آتا ھے جس سے کسی اثبات کا ارادہ ھی نہ کیا گیا ھو ۔

و من اضل ممن اتبع ھواہ بغیر ھدی من اللہ
[س ۲۸ : ۵۰

- - - وھو فی الخصام غیر مبین
[س ۴۳ : ۱۸

(۲) = الا

مالکم من الہ غیرہ
[س ۷ : ۵۹

ھل من خالق غیر اللہ یرزقکم من السماء والارض
[س ۳۵ : ۳

(۳) مادہ کے سوا صرف صورت کی نفی کرنے کے لئے آتا ھے ۔

کلما نضجت جلودھم بدلنا ھم جلودا غیرھا
[س ۴ : ۵۶

(۴) کسی ذات کو شامل ھو ۔

- - - بما کنتم تقولون علی اللہ غیر الحق - - -
[س ۶ : ۹۴

قال الذین لا یرجون لقاءنا ائت بقرآن غیر ھذا
[س ۱۰ : ۱۵

غرا

نغرینک بھم = نسلطنک علیھم ہم تجکو ان پر غلبہ دیں گے - (ابن عباس)

لئن لم ینتہ المنافقون والذین فی قلوبھم مرض والمرجفون فی المدینۃ لنغرینک بھم [س ۳۳ : ۶۰

غرم

غراما سخت پیچھا کرنے والا -

ان عذابھا کان غراما [س ۲۵ : ۶۵

مغرم محض مال کا نقصان - (راغب)

ومن الاعراب من یتخذ ما ینفق مغرما - [س ۹ : ۹۸

غسق

غساق = الزمھریر نہایت ٹھنڈ - (ابن عباس)

ھذا - فلیذوقوہ حمیم وغساق [س ۳۸ : ۵۷

لایذوقون فیھا بردا ولا شرابا الا حمیما وغساقا [س ۷۸ : ۲۴ و ۲۵

غسل

غسلین حد درجہ کا گرم اُبلتا ھوا پانی - (از دشدؤۃ کی لغت)

فليس له اليوم ههنا حميم ولا طعام الا من
غسلين لا ياكله الا الخاطئون
[س ٦٩ : ٣٥ - ٣٧

غطش

اغطش = اظلم اندهيرا كيا (ابن عباس)

واغطش ليلها واخرج ضحيها [س ٧٩ : ٢٩

غل

اغلال زنجيريں -
اغلال في اعناقهم ان (كافروں) كي گردنوں ميں
زنجيريں - ان كے معيوب طريقے جو ان كو
جكڑے هوئے هيں -

اولئك الذين كفروا بربهم - و اولئك
الاغلال في اعناقهم - و اولئك اصحاب
النار [س ١٣ : ٥

غلظ

واغلظ عليهم = اذهب الرفق عنهم ان پر سے نرمي
اُٹها لے (ابن عباس)

يا ايها النبي جاهد الكفار والمنافقين
واغلظ عليهم [س ٩ : ٧٣

غوي

اغوا (١) بهكانا - گمراه كرنا -

(۲) گمراهي کي سزا ديدنا - (تاج العروس)

ولا ينفعكم نصحي ان اردت ان انصح لكم
ان كان الله يريد ان يغويكم - - -
[س ۱۱ : ۳۴

= يحدكم عليكم بغيكم (تاج العروس)

(۳) هلاک کرنا - برباد کرنا - (رازي)

غوى برباد هونا -

وعصي آدم ربه فغوى - [س ۲۰ : ۱۲۱

= خاب - (تاج العروس ولسان العرب)

= فسد عليه عيشة - (راغب)

ف

ف (الف) عاطفه -

(۱) ترتيب - معنوي هو يا ذکري -

[فراء نے ترتيب سے انکار کيا ھے - چنانچه وه
و كم من قرية اهلكنا ها فجاء ها باسنا
(س ۷ : ۴) سے استدلال کرتا ھے -]

(۲) تعقيب (که وه هر شئی ميں مطابق اس
شئے کے دوری ظاهر کرتی ھے - اس ميں صرف
اتنی هی مدت کا فاصله هوتا ھے جو شئے معقب
کے لئے ضروری هوتا ھے -

فراغ الي اهله فجاء بعجل سمين فقربه
اليهم [س ۵۱ : ۲۷

انزل من السماء ماء فتصبح الارض مخضرة
[س ۲۲ : ۶۳

ثم خلقنا النطفة علقة فخلقنا العلقة
مضغة فخلقنا المضغة عظاما [س ۲۳ : ۱۴

(۳) سببیہ -

فتلقی آدم من ربه کلمات فتاب علیه
[س ۲ : ۳۷

(ب) بلا عطف -

(ا) سببیت -

انا اعطیناک الکوثر فصل لربک وانحر
[س ۱۰۸ : ۱ و ۲

(۲) بطور رابطہ -

ان تعذبهم فانهم عبادک [س ۵ : ۱۱۸

(۳) زائدہ -

بل الله فاعبد [س ۳۹ : ۶۶

(۴) استیناف (آغاز کلام) کے لئے -

کن فیکون [س ۲ : ۱۱۷

فاض

تفیضون = تفعلون کرتے ہو - (ابن عباس)

وما تکون فی شان وما تتلوا منه من قرآن
و لا تعملون من عمل الا کنا علیکم شهودا اذ
تفیضون فیه [س ۱۰ : ۶۱

فام

فوم (۱) — ثوم -
(۲) گندم -

فاء

فئی غیر مسلم بغیر لڑائی کے جو کچھ دیں وہ فئے ھے -
الفئی ما حصل للمسلمین من اموال الکفار من غیر حرب ولا جہاد واصلہ الرجوع (بحار الانوار)

فتا

تفتؤا - لاتفتؤا (رازی)
— لاتزال تو نہیں باز آئے گا - تو ھمیشہ یوں ھی رھے گا - (ابن عباس)
قالوا تاللہ تفتؤا تذکر یوسف حتی تکون حرضا او تکون من الھالکین [س ۱۲ : ۸۵

فتح

فتح (۱) کھولنا - (۲) ظاھر کرنا -
(۳) فیصلہ کرنا -
ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین | س ۷ : ۸۹
(۴) امداد کرنا - (۵) فتح دینا -

فتح (۱) = المدد خدا کی مدد ۔ (ابن عباس)

انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر ویتم نعمتہ علیک ویھدیک صراطا مستقیما وینصرک اللہ نصرا عزیزا [س ۴۸ : ۱ - ۳

(۲) فیصلہ ۔

ان تستفتحوا فقد جاءکم الفتح [س ۸ : ۱۹

ویقولون متی ھذا الفتح ان کنتم صادقین قل یوم الفتح لا ینفع الذین کفروا ایمانھم ولا ھم ینظرون [س ۳۲ : ۲۸ و ۲۹

فافتح بینی وبینھم فتحا ونجنی ومن معی من المؤمنین [س ۲۶ : ۱۱۸

(۳) فتح ۔ کامیابی ۔

نصر من اللہ وفتح قریب [س ۶۱ : ۱۳

الفتاح = القاضی فیصلہ کرنے والا ۔ (ابن عباس)

قل یجمع بیننا ربنا ثم یفتح بیننا بالحق وھو الفتاح العلیم [س ۳۴ : ۲۶

بما فتح اللہ علیکم [س ۲ : ۷۶
۔ ۔ بما اکرمکم بہ جس چیز سے خدا نے تم کو شرف بخشا ھے ۔ (ابن عباس)

فتل

فتيلا = الذي فى الشق الذى في بطن النواة (ابن عباس) كهجور كى گٹهلی کے شگاف میں جوجهلي كي طرح ريشه هوتاهے -

ولايظلمون فتيلا [س ۴ : ۴۹

فتن

(غريب القرآن ص ۸۱)

فتنه (۲) عذاب -

- - - جعل فتنة الناس كعذاب الله [س ۲۹ : ۱۰

ان هى الافتنتك [س ۷ : ۱۵۵

(۶) جلانا -

يومهم على النار يفتنون [س ۵۱ : ۱۳

(۷) جنون -

وتبصرون بايكم المفتون [س ۶۸ : ۵ و ۶

فاتنين = مضلين گمراه کرنے والے - (ابن عباس)

فانكم وماتعبدون ماانتم عليه بفاتنين [س ۳۷ : ۱۶۱ و ۱۶۲

فج

فجاجا = مختلفة مختلف (ابن عباس)

و الله جعل لكم الارض بساطا لتسلكوا

منها سبلا فجاجا [س ۷۱ : ۱۹ و ۲۰

فحش

فاحشة بدچلنی ۔ بےحیائي ۔
= الزنا (ابن عباس)

و التی یاتین الفاحشة من نساء کم
فاستشهدوا علیهن اربعة منکم ۔ ۔ ۔
[س ۴ : ۱۵

فرج

فرج (جمع فروج) ستر ۔
حفظ الفرج ستر پوشي کرنا ۔ پاکدامن رهنا ۔
والذین هم لفروجهم حافظون [س ۲۳ : ۵

فردوس

فردوس (۱) باغ ۔ (رومی و فارسی زبان کی لغت)
۔ ۔ ۔ اولئک هم الوارثون الذین
یرثون الفردوس [س ۲۳ : ۱۰ و ۱۱
(۲) انگور کی ٹٹیاں ۔ (نبطی زبان کي لغت)

ان الذین امنوا وعملوا الصالحات کانت
لهم جنات الفردوس نزلا خالدین فیها
[س ۱۸ : ۱۰۷ و ۱۰۸

فرض

فريضة (۱) مهر = الصداق (ابن عباس)

لا جناح عليكم ان طلقتم النساء مالم
تمسوهن او تفرضوا لهن فريضة [س ۲ : ۲۳۶

(۲) حکم ۔

للذكر مثل حظ الانثيين - - -
فريضة من الله [س ۴ : ۱۱

فرعون

فرعون پرانے زمانہ میں شاہان مصر کا لقب تھا ۔
قرآن میں موسی کے ساتھ جس فرعون کا ذکر ہے
وہ رعمسس ثاني (Rameses II.) تھا ۔

فرعون ذي الاوتاد دیکھو تحت وتد ۔

فرغ

واصبح فؤاد ام موسی فارغا اور موسی کی ماں کا دل ڈر سے
سن ہوگیا ۔ [س ۲۸ : ۱۰

سنفرغ لكم هذا وعيد من الله لعباده وليس بالله
شغل یہ خدا کی طرف سے بندوں کو دھمکی
ہے ورنہ خدا کے لئے شغل کیا ۔ (ابن عباس)
[س ۵۵ : ۳۱

فرق

فرق (بالکسرہ) فرقہ ۔ جماعت ۔

فاوحی الی موسیٰ ان اضرب بعصاک
البحر - فانفلق فکان کل فرق کالطود
العظیم [س ۲۶ : ۶۳

فافرق = فیصلہ کردے - (مدین کی لغت)

فافرق بیننا وبین القوم الفاسقین
[س ۵ : ۲۵

فرقانا بلا سے نکلنے کا راستہ = المخرج (ابن
عباس)

یایھا الذین امنوا ان تتقوا اللہ یجعل
لکم فرقانا ویکفر عنکم سیاتکم ویغفرلکم
[س ۸ : ۲۹

فرہ

فارھین = حاذقین کاریگری کے ساتھ - (ابن
عباس)

وتنحتون من الجبال بیوتا فارھین
[س ۲۶ : ۱۴۹

فز

استفزہ من الارض اُس نے اُس کو ملک سے نکال دیا -
اس نے اس کو دنیا سے ناپید کردیا -

فاراد ان یستفزھم من الارض فاغرقناہ ومن
معہ جمیعا [س ۱۷ : ۱۰۳

فضل

فضل (۱) اچھی چیزوں کی زیادتی -

لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم
[س ۲ : ۱۹۸

ویؤت کل ذی فضل فضلہ [س ۱۱ : ۳

(۲) احسان -

